Text

1974

MUKADAMA

SHAHEENA FIRDOUS

س ۸۹۱۴

مخصوص کا در

مصنف ،،

عنوان ،،

ترقیم ،،

فردوسی - سوانح حیات، مقدمہ

SHAHEENA FIRDOOS

MUKADAMA

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

ادبی تحقیقات اور تاریخی وقت نظر کا خیال رکھتے ہوئے عام طور پر جب
کبھی کسی مشرقی ادیب کی زندگی کے حالات اور کارناموں کا جائزہ لینے کی کوشش
کی گئی مشہور روایات اور مسلمہ واقعات ہمیشہ قصے کہانیاں ہی نظر آئے۔ یہی
حال فردوسی اور اسکے حالات زندگی کا بھی ہے۔

فردوسی کے متعلق اگر کچھ وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے تو بس اتنا کہ
"پسرے بود پدرے داشت" ہر حقیقت افسانوں سے مل جل کر ایسی
مسخ ہو گئی ہے کہ جو کچھ کہہ لیا جائے سب درست اور جس چیز کی چھان بین
کی جائے سب غلط۔ ہر واقعہ کے لیئے تناقض اور متضاد روایتیں ملتی ہیں
جن میں اصل و نقل کا تمیز سخت دشوار ہوتا ہے۔ نام ہی کو لیجیے یورپین محققین کا

فردوسی کا نام اور تخلص

کہ فردوسی کا نام ابوالقاسم منصور ہے علامہ
ہے کہ اس کا نام حسن بن اسحاق بن ش
ہ میں ابوالقاسم حسن بن علی طوسی لکھا ہے۔ تذکرہ

مرالعجم حصہ اول انوار المطابع لکھنؤ

بن شرف شاہ کہتا ہے۔ دیباچۂ بایسنغری اور مجالس المومنین منصور بن احمد بتاتے ہیں۔ دیباچۂ قدیم شاہنامہ ابوالقاسم منصور لکھتا ہے۔ پروفیسر شیرانی بمقابلہ دیگر کتب کے دیباچہ قدیم پر اعتبار کرتے ہوئے فردوسی کا نام ابوالقاسم منصور مانتے ہیں اور یہی بیان زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔

تخلص کے متعلق دولت شاہ نے لکھا ہے کہ فردوسی کی جائے پیدائش کے قریب ہی ایک باغ تھا جس کو "فردوس" کہتے تھے۔ اور جس کے مالک کے یہاں فردوسی کا باپ ملازم تھا۔ اسی مناسبت سے اس نے اپنا تخلص "فردوسی" اختیار کر لیا جس نے زندگی بھر اس کا ساتھ دیا اور مرنے کے بعد شہرت جاودانی کا سامان فراہم کر دیا۔

وطن

نام کی طرح فردوسی کے وطن کا معاملہ بھی مختلف فیہ ہے۔ کوئی کہتا ہے کہ وہ "باژ" نام ایک گاؤں کا رہنے والا تھا اور کسی کا خیال ہے کہ وہ "شاداب" نام ایک دوسرے گاؤں کا باشندہ تھا۔ دونوں مواضع طوس کے گرد و نواح میں واقع ہیں جو خراسان کا ایک شہر ہے اور اب مشہد مقدس کہلاتا ہے۔

سال پیدائش و وفات

تاریخ پیدائش یا سال ولادت ابھی اب تک تحقیق نہیں ہو سکا۔ شبلیؒ کے حساب سے سال پیدائش تقریباً ۳۲۹ھ قرار پاتا ہے۔ اور شیرانی کے حساب سے ...ور ۳۲۳ھ کے درمیان۔ یورپین محققین براؤنؒ اور نولدکی وغیرہ

...ا انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی صفحہ ۵۵

... پرشیا مصنفہ ڈاکٹر براؤن۔ جلد دوم صفحہ ۱۳۹

... تنقید شعر العجم صفحہ ۸۸

... جلد دوم صفحہ ۱۳۴

۴۲۳ھ یا ۴۲۲ھ بتلاتے ہیں۔ سال وفات کا بھی یہی قصہ ہے عام طور پر تذکرہ نویس ۴۱۱ھ لکھتے ہیں لیکن شبلی کا خیال ہے کہ فردوسی اس سے چند سال قبل ہی راہی ملک عدم ہو گیا۔ اور طوس یعنی مشہد میں مدفون ہوا۔

حالات کے ماخذ

فردوسی کے حالات معلوم کرنے کے جو قدیم ذرائع ہیں اور جا بجا جن کتب کے حوالے ملتے ہیں ان کو جان لینا بھی ضروری ہے

۱۔ شاہنامہ۔۔ سب سے زیادہ قابل اعتبار اور بہترین ثبوت فراہم کرنے والی چیز خود فردوسی کی تصنیفات بالخصوص شاہنامہ ہے جو ۳۷۰ھ میں لکھنا شروع کیا گیا اور ۴۰۰ھ میں پایۂ تکمیل کو پہونچا۔ فردوسی چونکہ صاف گو سادہ مزاج اور نیک نفس انسان تھا لہذا اکثر اپنے حالاتِ زندگی کی طرف مختلف عنوانات کے ماتحت ضمناً بے تکلف اشارے کر جاتا ہے۔ اور اس کی بات پر اعتبار نہ کرنے کی کوئی وجہ نہیں معلوم ہوتی۔

۲۔ دیباچۂ قدیم

دوسری تصنیف جو کسی قدر قابل اعتبار ہو سکتی ہے۔ وہ "دیباچۂ قدیم شاہنامہ" ہے اس دیباچہ کی تاریخ تحریر کا تو ٹھیک پتہ نہیں لیکن اندازہ یہ ہے کہ فردوسی کے انتقال کے دو ایک صدی بعد لکھا گیا ہے۔ گویا پانچویں صدی ہجری میں تصنیف ہوا ہے۔ اور شاہنامہ کا جزو بن کر شائع ہوا ہے۔

۳۔ چہار مقالہ

تیسری تصنیف جس کے حوالہ جات اکثر فردوسی کی زندگی کے سلسلہ میں ملتے ہیں یہ "چہار مقالہ سمرقندی" ہے۔ خیال ہے کہ یہ کتاب چھٹی صدی ہجری کے لگ بھگ لکھی گئی چونکہ یہ تصنیف فردوسی کے زمانہ سے

حوالہ شعر العجم حصہ اول صفحہ ۵۹

اس وجہ سے کسی حد تک قابل اعتماد ہے۔

مندرجہ بالا کتب کے علاوہ کچھ اور بھی کتابیں ہیں جن میں فردوسی کے حالاتِ زندگی ملتے ہیں مثلاً دیباچہ بایسنغری جو تیمور لنگ کے پوتے بایسنغر کی فرمائش پر ۸۲۹ھ میں لکھا گیا یا تذکرہ دولت شاہ جو نویں صدی ہجری کے آخر میں تصنیف ہوا۔ یا لباب الالباب عوفی وغیرہ وغیرہ۔ لیکن یہ سب فردوسی کے زمانہ سے صدیوں دور جا پڑنے کی وجہ سے بالکل قابل اعتبار نہیں رہی ہیں۔ بلکہ ان کے لکھے ہوئے حالات یا واقعات سنے سنائے افسانوں سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے اور تاریخی معیار تنقید پر پورے نہیں اترتے۔ بالخصوص دیباچہ بایسنغری جو نہایت دلچسپ انداز میں لکھا گیا ہے اور جس پر علامہ شبلی بیحد اعتبار کرتے ہیں لیکن پروفیسر شیرانی اس سے ضرورت سے زیادہ بدظن معلوم ہوتے ہیں اور اس کی کسی بات پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں ہوتے۔ بلکہ اس کو محض مزخرفات کا ایک مجموعہ سمجھتے ہیں۔

پروفیسر شیرانی کا کہنا ہے کہ "برخلاف دیگر مشاہیر کے فردوسی کے حالات کے متعلق ہر وقت اور ہر زمانہ میں تلاش و جستجو رہی اور ہر عصر میں کچھ نہ کچھ لکھا گیا۔ اس لحاظ سے فردوسی خوش نصیب کہلائے جانے کا مستحق ہے۔ لیکن ایک نقص یہ ظہور ہو گیا کہ جہاں دیگر مشاہیر کے حالات سرے سے ملتے ہی نہیں وہاں فردوسی
قعات کا ایک انبار موجود ہو گیا۔ ہر قسم کی روایات جھوٹی سچی باتوں
نے ہمارے شاعر کے سوانح کو اپنی جولانیوں کا
اس لئے فردوسی کے واقعہ نگار کو اگر کوئی اصلی شکایت ہے تو
عدم غیر حاضری کے باعث نہیں ہے بلکہ ان کی افراط اور

کثرت تنوع کی بنا پر۔ کیونکہ متخالف اور متناقض روایات کا سلسلہ اس کو بےحد
پریشان کرتا ہے اور وہ شبلی کا ہم زبان ہو کر بول اٹھتا ہے "ان متناقض روایتوں
میں سے کس پر اعتبار کیا جائے" اس لئے اسکا فرض ہے کہ جب وہ فردوسی
ابیات میں لکھے تو صحیح کو باطل سے حقیقت کو مجاز سے اور تاریخ کو
افسانے سے تمیز کرنے کے لئے متقدمین میں سے کوئی نہ کوئی بدرقہ ساتھ
لے لے۔ تنہا اس دشوار گزار راستے کو طے کرنے میں بھٹک جانیکا احتمال ہے۔

کسی واقعہ کو اٹھا کر دیکھئے مختلف راویوں کے یہاں مختلف روایات
ملتی ہیں۔ اور اب تقریباً ایک ہزار سال بعد یہ طے کرنا سخت دشوار ہو جاتا
ہے کہ کس کی بات مانی جائے اور کس کو شاعری یا افسانہ نگاری سمجھ کر نظر انداز
کر دیا جائے۔ بہرحال اس حد تک یہ امر [illegible] شدہ ہے کہ فردوسی چوتھی
صدی ہجری کے نصف اول میں طوس کے نواح میں پیدا ہوا اور اس
کا بچپن اگر عیش و عشرت میں نہیں تو کم از کم بری طرح بھی نہیں گزرا۔ تھوڑی سی
زمینداری جو خدا نے دے رکھی تھی اسی سے کام چلتا رہا اور زندگی کے

شاہنامہ کی داغ بیل

دن آرام سے گزرتے رہے۔ ایرانی تمدن کے ارتقا کے
سلسلہ میں یہ وہ زمانہ تھا کہ عام طور پر لوگ لمبی لمبی داستانیں
لکھنے اور پڑھنے میں لطف لیتے تھے اور اپنی تاریخ کے اوراق پارینہ کا حال اور رزمی افسانوں
کو سن کر سر دھنتے تھے۔ اسی زمانہ میں ایک رات فردوسی کی بیوی نے اسے
ایک عجیب داستان سنائی اور اس کو نظم کرنے کی فرمائش کی۔ اس وقت
فردوسی کی عمر ۳۵ اور ۴۰ سال کے قریب تھی۔ زندگی کی خوشگواریاں اپنا
اثر رکھتی تھیں اور محبت کی سرخوشیاں دماغوں سے محو نہیں ہو گئی تھیں جوانی
کی راتوں کی سرمستیاں ابھی بھلائی نہیں جا سکی تھیں اور مرادوں کے

زیادہ دور نہیں گئے تھے۔ چنانچہ بیوی کی فرمائش فردوسی نے منظور کر لی اور داستان مذکورہ نظم کر کے 'یار مہربان' کی خدمت میں پیش کر دی۔

کاموں کی ابتدا عموماً کسی چھوٹے ہی سے واقعہ سے ہوا کرتی ہے۔ یہی فرمائشی داستان آگے چل کر شاہنامہ کی داغ بیل اور فردوسی کی شہرت و نام آوری خوش مذاقی و بلند خیالی کی تمہید بن گئی۔

تمہید داستان بیژن: قصہ یہ ہوا کہ ایک اندھیری رات میں فردوسی طوس کے ایک باغ میں آرام کر رہا تھا۔ قریب ہی فردوسی کا مکان تھا جس میں اسکے اہل و عیال رہتے تھے۔ اتفاق کی بات کہ کسی نامعلوم وجہ سے اسکو اس رات نیند نہیں آ رہی تھی۔ اور دل میں رہ رہ کر کچھ وحشت سی ہوتی تھی۔ تنہائی سے گھبرا کر اس نے اپنی بیوی کو آواز دی۔ اور فرمائش کی کہ ذرا روشنی لیتی آنا۔ فردوسی کے ایما سے بیوی چراغ کے ساتھ دل بہلانے اور وقت گزارنے کے لیئے کسی قدر میوے۔ ساغر و مینا اور کچھ سامان موسیقی بھی لے آئی۔ اس انجمن آرائی اور بادہ پیمائی میں اس کی بیوی نے دفتر باستان سے اس کو ایک داستان سنائی اور فردوسی سے اسکو نظم کرنے کی خواہش کی۔ یہ داستان "داستان بیژن" تھی۔ جو [illegible] میں نظم کی گئی اور جس کی کیفیت فردوسی کی زبان میں مختصراً حسب ذیل ہے۔

ستائش کو ایزد پاک را — کہ گویا و بینا کند خاک را
بمورے دیدہ ماتس نرہ شیر — کند لب بر پیل جنگی دلیر
شبے چون شبہ روے شستہ بقیر — نہ بہرام پیدا نہ کیوان نہ تیر

ماخوذ از "فردوسی پر چار مقالے" مصنفہ حافظ محمود شیرانی مطبوعہ انجمن ترقی اردو اسند کراچی

نمودم ز هر سو سیه اهرمن　　چو مار سیه باز کرده دهن
جهان را دل از خویشتن پر هراس　　جرس بر گرفته نگهبان پاس
نه آوای مرغ و نه هرای دد　　زمانه زبان بسته از نیک و بد
نبد هیچ پیدا نشیب و فراز　　دلم تنگ شد زان درنگ دراز
بدان تنگی اندر بجستم ز جای　　یکی مهربان بودم اندر سرای
خروشیدم و خواستم زو چراغ　　درآمد بت مهربانم بباغ
مرا گفت شمعت چه باید همی　　شب تیره خوابت نیاید همی
بدو گفتم ای بت نیم مرد خواب　　بیاور یکی شمع چون آفتاب
بنه پیشم و بزم را ساز کن　　بچنگ آر چنگ و می آغاز کن
برفت آن بت مهربانم ز باغ　　بیاورد رخشنده شمع و چراغ
می آورد و نار و ترنج و بهی　　زدوده یکی جام شاهنشهی
گهی می گسارید و گه چنگ ساخت　　تو گفتی که هاروت نیرنگ ساخت
دلم بر همه کار پیروز کرد　　شب تیره همچون گه روز کرد
مرا مهربان یار بشنو چه گفت　　از آن پس که گشتیم با جام جفت
مرا گفت آن ماه خورشید چهر　　که از جان تو شاد بادا سپهر
بپیمای تا من یکی داستان　　ز دفتر برت خوانم از باستان
بدان سروبن گفتم ای ماهروی　　مرا امشب این داستان بازگوی
مرا گفت گز من سخن بشنوی　　بشعر آری از دفتر پهلوی
بگفتم بیار ای مه خوب چهر　　بخوان داستان و بیفزای مهر
مگر طبع شوریده بگشایدم　　شب تیره را اندیشه خواب آیدم
ز تو طبع من گردد آراسته　　ایا مهربان یار پیراسته

چنان چون ز تو بشنوم در بدر — بشعر آورم داستان سر بسر
بگویم پذیرم ز یزدان سپاس — ایا مہربان جفت نیکی شناس
بگفت اندر آن بت مہربان داستان — ز دفتر نوشته گه باستان
بگفتار شعرم کنون گوش دار — خرد یاد دار و بدل ہوش دار

شاہنامہ کی ابتدا اور تکمیل

شاہنامہ کی ابتدا کی کہانیوں میں یہی سب سے زیادہ قرین قیاس معلوم ہوتی ہے کہ فردوسی نے اتفاقیہ داستان بیژن لکھ کر محسوس کیا کہ اس دفتر باستان کی داستانوں میں مقبولیت اور ہر دل عزیزی کے کیا اقدار پوشیدہ تھا اور خود اسکی ذات میں شعر و سخن کی کیا صلاحیتیں موجود ہیں۔ داستان بیژن تو فردوسی نے محض تفریحاً اپنی بیوی کی فرمائش پر نظم کر دی تھی لیکن جب وہ شائع ہو کر مقبول عام ہوئی اور دوستوں کی تحسین و آفرین اور سخن شناسوں کی ہمت افزائی اور اصرار نے مجبور کیا تو آخر پانچ سال بعد فردوسی نے اللہ کا نام لے کر اس بار گراں کو اٹھانے کی دل میں ٹھان ہی لی اور سنہ ۳۷۰ھ میں کچھ قومی خدمت اور کچھ ذاتی فائدہ کے خیال سے اس فلک نما عمارت کی بنیادیں بھرنا شروع کر دیا جو ۳۰ سال بعد کارنامہ حیرت و اعجاز فردوسی بن کر دنیا کے سامنے آیا۔

پی افگندم از نظم کاخ بلند — که از باد و باران نیابد گزند

اس کاخ بلند کی تعمیر میں تقریباً ۲۰ سال کام کرنے کے بعد فردوسی نے غزنین جا کر یہ حاصلِ حیات سلطان محمود کی خدمت میں پیش کیا اور اس کی فیاضیوں سے مستفیض ہوتے ہوئے تقریباً چھ سال اس پر مزید کام جاری رکھا

سخن را نگہ داشتم سال بیست — بدان تا سزاوار این گنج کیست

عام طور پر مشہور ہے کہ شاہنامہ کی ابتدا سلطان محمود کی فرمائش پر

اور اس کے دربار میں پہونچ کر کی گئی لیکن خود فردوسی کا بیان اسکے برعکس ہے۔ شاہنامہ کی تکمیل کے متعلق وہ کہتا ہے۔

کہ گفتم من این نامۂ شہریار ۔۔۔ زہجرت شدہ پنج ہشتاد بار

پانچ کو اسی سے ضرب دیں تو چار سو ہوتے ہیں گویا شاہنامہ کی تکمیل قطعی طور پر سنہ ۴۰۰ھ میں ہوئی۔ اس وقت فردوسی کی عمر ۸۰ کے لگ بھگ تھی۔

کنون عمر نزدیک ہشتاد شد ۔۔۔ امیدم بہ یکبارہ برباد شد

سلطان محمود سنہ ۳۸۷ھ میں تخت نشین ہوا۔ اگر شاہنامہ کی تکمیل سنہ ۴۰۰ھ میں مانی جائے تو نتیجہ نکلتا ہے کہ اس سلسلہ میں فردوسی نے کل بارہ سال یا اس سے بھی کم کام کیا یعنی سلطان محمود کی تخت نشینی کے بعد غزنین آکر سنہ ۳۸۷ھ یا اس کے بعد شاہنامہ لکھنا شروع کیا اور سنہ ۴۰۰ھ میں پایۂ تکمیل کو پہونچا دیا۔ لیکن اس موضوع پر نہایت واضح طور پر فردوسی کا بیان موجود ہے۔

بسے رنج بردم درین سال سی ۔۔۔ عجم زندہ کردم بدین پارسی

یعنی تیس سال خون جگر پینے کے بعد یہ لعل گراں بہا ہاتھ آیا ہے۔ اور تیس سال محنت کی مشق کرنے کے بعد تاریخ عجم میں نئی روح پھونکی جاسکی ہے۔ اس حساب سے شاہنامہ کی ابتدا ادھی سنہ ۳۷۰ھ میں قرار پاتی ہے کہ جو اس سے قبل بیان کی جاچکی ہے اور سلطان محمود کے دربار میں پہنچکر یا اس کی فرمائش پر شاہنامہ شروع کرنے کی کہانی بے بنیاد ٹھہرتی ہے۔ ایک اور موقع پر فردوسی نے شاہنامہ کو اپنی ۳۵ سال کی محنت کا ثمر اور امیدوں کا حاصل بتایا ہے۔

سی و پنج سال از سرائے سپنج ۔۔۔ بسے رنج بردم بامید گنج

چو بر باد دادند گنج مرا   نبد حاصلی سی و پنج مرا

ان اشعار کے تلمبند کرتے وقت غالباً فردوسی کے ذہن میں اس رات کا دلکش سماں تھا کہ جب اسنے اپنی بیوی کی فرمائش پر ۳۶۵ھ میں غیر ارادی طور پر شاہنامہ کی داغ بیل ڈالی تھی اور جس کے پانچ سال بعد ۳۷۰ھ میں باقاعدہ طور پر شاہنامہ نظم کرنا شروع کیا تھا۔ بعد ۳۰-۳۵ سال عرق ریزی و جگر کاوی کے بعد ۸۰ سال کی عمر میں ۴۰۰ھ میں مکمل کیا تھا۔ شاہنامہ کی ابتدا تمیر و تکمیل میں فی الحقیقت سلطان محمود کی فرمائش کا کوئی ہاتھ نہیں ہے۔ یہ ضرور ہے کہ فردوسی سلطان محمود کے دربار میں بہت کچھ امیدیں لے کر آیا تھا۔ لیکن وہ سب کچھ زیادہ بار آور نہ ہو سکیں بلکہ دل ہی دل میں رہ گئیں اور بظاہر پیاسا ساحل سے تشنہ کام ہی واپس گیا

شاہنامہ کے ماخذ

اب سوال یہ ہے کہ فردوسی کو ۳۰-۳۵ سال محنت کرنے اور ساٹھ ہزار اشعار لکھنے کیلئے مواد کہاں سے فراہم ہوا اور شاہنامہ کے ماخذ کون کون سی کتابیں یا قدیم تاریخیں ہیں جو اس وقت دستیاب ہو سکتی تھیں۔ چونکہ اس سلسلہ میں دقیقی بھی کچھ کام کر چکا تھا اور تقریباً ایک ہزار اشعار لکھنے کے بعد آفت ناگہانی کا شکار ہو گیا تھا لہٰذا بہتر معلوم ہوتا ہے کہ دقیقی کے شاہنامہ کے ماخذوں پر بھی ایک نظر ڈال لی جائے۔

علامہ شبلی کا خیال ہے کہ جب دقیقی نے شاہنامہ لکھنے کا ارادہ کیا تو تاریخ عجم کا بہت بڑا ذخیرہ عربی فارسی میں تیار ہو چکا تھا۔ دقیقی نے

---

[۱] شعر العجم حصہ اول صفحہ ۹۷ - ۹۸

سامانیوں کی فرمائش سے یہ کام شروع کیا تھا۔ سامانیوں کا کتب خانہ اس
زمانہ میں تمام عالم میں اپنا جواب نہیں رکھتا تھا۔ شیخ بو علی سینا جب اول اول
اس کتب خانہ میں داخل ہوا تو اس پر حیرت چھا گئی۔ چنانچہ اس نے اقرار
کیا کہ میں نے اتنا نادر اور عظیم الشان کتب خانہ اس سے پہلے کبھی دیکھا تھا
نہ اسکے بعد کبھی دیکھا۔ دقیقی کے لیے یہ تمام ذخیرہ فراہم کیا گیا ہوگا اور چونکہ سلطان
محمود غزنوی سامانیوں ہی کا دست پروردہ اور ان کو مٹا کر ان کا جانشین بنا تھا۔
اس لئے ہر طرح قرین قیاس ہے کہ وہ سب سامان محمود کے ہاتھ آیا ہوگا اور فردوسی
کو اس سے فائدہ اٹھانے کا موقع دیا گیا ہوگا۔"[۱]

پروفیسر شیرانی علامہ شبلی کے اس خیال سے اتفاق نہیں کرتے بلکہ
تاریخی حوالان دیں اور باوثوق حوالے دینے کے بعد دقیقی کی اس کوشش کو سامانیوں
کی علمی فتوحات سے خارج سمجھتے ہیں۔ ان کا خیال ہے کہ "شاہنامہ
ابوالفضل بلعمی کے حکم سے دقیقی نے نظم کرنا شروع کیا تھا" نہ کہ سامانیوں
کے ایما سے۔

"ڈاکٹر براؤن، پروفیسر نولدکی نیز دیگر یورپین[۲] محققین کا خیال ہے کہ دقیقی
کا شاہنامہ اس تاریخ قدیم کی بنا پر لکھنا شروع کیا گیا تھا جو سنہ ۳۴۶ھ میں
ابو منصور العمری کی زیر نگرانی مختلف مقامات سے جمع کی گئی تھی۔"

بہر حال کچھ معتبر اور قدیم تواریخ ایران یقیناً دقیقی کے پیش نظر تھیں مگر
جن کے بیانات پر دقیقی نے اپنے شاہنامہ کی بنیادیں رکھیں۔ اور کام کو ایک ہزار
شعر تک پہنچایا۔ فردوسی نے جب شاہنامہ نظم کرنے کا ارادہ کیا تو اس وقت

۱؎ تنقید شعر العجم صفحہ ۹۴

۲؎ لٹریری ہسٹری آف پرشیا مصنفہ براؤن صفحہ جلد اول صفحہ ۱۲۳

دقیقی کی یاد لوگوں کے دلوں میں تازہ تھی۔ کیونکہ ابھی اسکی وفات کو صرف ۲۹ - ۳۰ سال ہی گزرے تھے۔ فردوسی نے دقیقی کے اشعار کو پیش نظر رکھ کر کام شروع کیا اور اس ہی کے قدیم ماخذوں کو اپنا ماخذ بھی قرار دیا۔

شاہنامہ کے قدیم ترین ماخذ کے متعلق خود فردوسی کا کہنا یہ ہے کہ "قدیم تاریخ ایران پریشان ورقی اور بے ترتیبی کی حالت میں مختلف مقامات پر منتشر تھی۔ اسکی کچھ داستانیں موبدوں یعنی مذہبی پیشواؤں کے پاس پائی جاتی تھیں اور کچھ پرانے لوگوں کو زبانی یاد تھیں۔ آخر ایک فیاض رئیس نے قومی مفاد اور قدیم سرمایہ کو محفوظ کرنے کی خاطر جگہ جگہ سے پرانے لوگوں اور سال خوردہ موبدوں کو بلوا کر جمع کیا اور ان تمام متفرق قصوں اور زبانی روایتوں کو ترتیب دے کر باقاعدہ تاریخ کی شکل میں جمع کیا۔ یہ تالیف مکمل ہو کر دفتر باستان کے نام سے مشہور ہوئی اور شاہنامہ کا اولین ماخذ بنی۔"

یکے نامہ بود از گہ باستان ۔۔۔ فراوان بدو اندرون داستان
پراگندہ در دست ہر موبدے ۔۔۔ ازو بہرہ بردہ ہر بخردے
یکے پہلواں بود دہقان نژاد ۔۔۔ دلیر و بزرگ و خردمند و راد
ز ہر کشورے موبدے سالخورد ۔۔۔ بیاورد و ایں نامہ را گرد کرد

یہ تاریخ قدیم بقول فردوسی اس کے شاہنامہ سے دو ہزار سال پہلے ترتیب دی گئی تھی۔

گذشتہ برو سالیان دو ہزار ۔۔۔ گر ایدون کہ برتر نیاید شمار

جو شاہنامہ لکھنے کے وقت سے پہلے ہی پھر اسی طرح متفرق داستانوں کی شکل میں بکھر گئی تھی۔ قومی افتخار اور تاریخ قدیم کی ترتیب کے اشتیاق

نے دلوں میں جب پھر جوش مارا تو ابومنصور عبدالرزاق حاکم طوس کے حکم سے ۳۴۶ھ میں ابومنصور المعمری کی زیر نگرانی اس کی تالیف کا کام بہتر شروع کیا گیا۔ آخر یہ اجزائے پریشان یکجا ہو کر خزینہ کی شکل میں دستیاب ہونے لگے۔ دقیقی نے اسی تاریخ قدیم کی بنا پر شاہنامہ نظم کرنا شروع کیا۔ لیکن فردوسی کو یہ نسخہ بھی بڑی مشکل سے ہاتھ آیا۔ وہ اس تاریخ قدیم کے قابل اعتبار نسخہ کی تلاش میں وطن سے نکل کر بخارا پہونچا ہرات گیا۔ مرو میں کچھ دن ٹھہرا۔ بلخ پہونچکر اس کو تلاش کیا۔ اور مختلف لوگوں سے جہاں کہیں جو واقعہ معلوم ہوا یا جو روایت بہم پہونچی جمع کرتا گیا۔ تاکہ کام کی جلد از جلد تکمیل ہو سکے۔ اور قابل اعتبار مواد ہاتھ لگ سکے۔

بپرسیدم از ہر یکے بے شمار   بترسیدم از گردش روزگار

اس کو اندیشہ تھا کہ ملکی بدانتظامی۔ انقلاب کا زور اور زمانہ کی ستم شعاری اس کی حسرتوں پر پانی نہ پھیر دے اور وہ نامراد ہی نہ رہ جائے۔

زمانہ سراسر پراز جنگ بود   بجویندگان بر جہاں تنگ بود

سیاسی شورش اور بدامنی کے علاوہ اس کو اپنی ناداری اور مفلسی کا بھی ڈر تھا اس کی عمر پچاس سے اوپر ہو چکی تھی اس لئے یہ بھی فکر تھی کہ کہیں زندگی مستعار دھوکہ نہ دے جائے اور کام ادھورا رہ جائے۔ ابھی دوڑ دھوپ میں خوش قسمتی سے فردوسی کی ملاقات ایک صاحب محمد لشکری سے ہو گئی انھوں نے اس تاریخ قدیم کا مکمل نسخہ اپنے پاس سے لاکر فردوسی کو بخشدیا۔ اور اس طرح معتبر ماخذ کی مہم فتح ہو گئی اور کام میں آسانی نظر آنے لگی۔ مالی پریشانیوں کے سلسلہ میں منصور بن محمد حاکم کی نہایت بروقت امداد کی جو اسکے بڑے کام آئی۔

زندہ نہ رہ سکا پھر بھی وہ فردوسی کو اس کٹھن مرحلہ پہ ڈال گیا کہ جس نے مطمئن کر کے
ہمت بلند ہادی اور فردوسی شب و روز شاہنامہ پر کام کرنے میں لگ گیا۔
منصور بن محمد کے علاوہ جن دیگر اہل ثروت حضرات نے فردوسی کی قدر
کی ان میں حسین قتیب۔ علی دیلم۔ بودلف اور سلطان محمود کے وزیر اول خواجہ ابوالعباس
فضل بن احمد اسفرائینی کے اسمائے گرامی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اس سرپرستی
اور کفالت نے بڑا کام کیا اور فردوسی کو بیس سال شاہنامہ نظم کرنے پر ہمہ تن
متوجہ رکھا۔ جب ۳۸۸ھ میں سلطان محمود تخت نشین ہوا تو فردوسی اس کی
ادب نوازی اور علم پروری کی شہرت سے متاثر ہو کر اس سرمایہ حیات کو لیکر
اس کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور دربار شاہی سے متعلق رہ کر ۴۰۰ھ تک
اس کو مکمل کر دکھایا۔ خیال یہ ہے کہ فردوسی کے غزنین آنے کے بعد ۳۹۴ھ
تک اسکے تعلقات سلطان محمود سے خوش گوار رہے اسکے بعد فردوسی اور
سلطان محمود کا کوئی خاص واسطہ یا تعلق نہیں رہا لیکن مزید چھ سال شاہنامہ
پر کام جاری رہا اور ساٹھ ہزار اشعار پورے ہونے پر یہ کارنامہ پایۂ تکمیل کو پہونچا۔

بود بیت شش بار بیور ہزار — سخن ہائے شائستہ غم گسار

پہلی داستان

اس سلسلہ میں کہ سب سے پہلے شاہنامہ کی کون سی داستان نظم کی گئی مختلف روایتیں ہیں۔ شبلی کا خیال ہے کہ داستان "رستم و سہراب" سب سے پہلے نظم کی گئی۔ دیباچہ کے
...ک سب سے پہلی داستان جو غزنین پہنچکر نظم کی گئی اور سلطان محمود
...ت میں پیش کی گئی وہ "داستان رستم و اسفندیار" ہے۔
... داستان سیاوش" کو پہلی داستان بتاتا ہے لیکن
...سے پہلی داستان جو سلطان محمود کی خدمت میں

گزرانی گئی وہ "داستان جنگ کیخسرو" ہے۔ بہرحال باقاعدہ شاہنامہ شروع ہونے پر جو داستان سب سے پہلے لکھی گئی اس کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ البتہ سلطان محمود کو جو داستان سب سے پہلے نظم کر کے پیش کی گئی وہ "داستان جنگ کیخسرو" ہی معلوم ہوتی ہے۔ کیونکہ اس کے متعلق خود فردوسی کا قول فیصل موجود ہے۔ البتہ اگر شاہنامہ کی داغ بیل کے لحاظ سے بالکل ابتدائی داستان کا پتہ چلانے کی کوشش کی جائے تو سب سے پہلی چیز "داستان بیژن" ہی قرار پائے گی جس کی تفصیل اس سے قبل بیان کی جا چکی ہے۔

دربار محمود میں پہلے پہل رسائی

دربار محمود میں فردوسی کب پہونچا اور کس طرح پہونچا اس کے متعلق بھی مختلف بیانات ہیں۔ ایک روایت یہ ہے کہ ایک[1] مشاعرہ کے سلسلہ میں سخن سنجان وقت ایک باغ میں جمع تھے۔ فردوسی بھی وہاں آنکلا۔ فی البدیہہ شعر گوئی ہوئی۔ اور فردوسی کے جوہر ذاتی اس مجمع شعراء میں چمک اٹھے۔ عنصری کو خاص طور پر اس کی طرف توجہ ہوئی اور اسی کی وساطت سے وہ سلطان محمود کے دربار تک جا پہونچا۔ وہاں اس کی کافی قدردانی ہوئی اور شاہنامہ کی تکمیل کی خدمت پر مامور ہوا۔

دوسری روایت یہ ہے کہ سلطان[2] محمود کے ندیموں میں ایک شخص ماہک نامی تھا۔ فردوسی اس کے توسل سے دربار میں پہونچا۔ وہاں ایاز کے سبزۂ خط کے متعلق بدیہہ گوئی کی فرمائش ہوئی اور اس امتحان میں کامیاب

---

[1] تذکرہ دولت شاہ۔ شبلی و براؤن۔

[2] شعر العجم شبلی حصہ اول صفحہ ،،

ہونے کے بعد شاہی ارباب علم و فضل میں شامل کر لیا گیا۔ آخر شاہی ادب نوازیوں یا کم از کم خوش آیند امیدوں نے بہت جلد فردوسی کا شاہنامہ مکمل کرا دیا اور اس نے وہ سب دُرِ منثور جو مختلف صحائف قدیمی، منتخبات ذاتی، ذخیرہ ہائے ادبی اور تالیفات ملی میں منتشر پائے جاتے تھے سلک نظم میں ترتیب کے ساتھ پرو دیئے اور ایرانیوں بالخصوص کیانیوں اور ساسانیوں کی بزم آرائیوں سے ہمیشہ کے لیے محفل علم و ادب کو پر رونق بنا دیا۔

زابیات عزا دوده سی هزار — مر آن جمله در شیوهٔ کارزار

بجو عیسے من این مردگان را تمام — سراسر همه زنده کردم بنام

محنت کا صلہ اس تمام محنت، عرق ریزی اور جانفشانی کے بعد بقول شبلی "واقعہ یہ ہے کہ محمود نے فردوسی کی قدردانی کا حق ادا نہ کیا"۔ اس ناقدردانی کے اسباب کیا تھے۔ اس کی بھی مختلف صورتیں بیان کی جاتی ہیں۔ کسی نے مذہبی تعصب کو بنیادی سبب قرار دیا ہے اور کسی نے فردوسی کی ہجو پسندی کو۔ کسی نے ذاتی افتخار اور شرافت نسبی کو جس کے متعلق اس نے اپنی تصنیف میں جا بجا اشارہ کیا اور خاندانی اعتبار سے اپنے آپ کو بہت بلند بتایا ہے۔ کسی نے ان سب واقعات سے یک قلم انکار ہی کر دیا ہے اور نہ محمود کے انعام دینے کے وعدے کو سچا مانا ہے اور نہ فردوسی کے اس قدر متوقع ہونے اور ناامیدی کی صورت میں ہجو لکھنے اور شہر بشہر مارے مارے پھرنے کو۔

ا؎ شعر العجم حصہ اول صفحہ ۸۳

علامہ شبلی نے سلطان محمود کی وعدہ خلافی اور فردوسی کی ہجو گوئی کے واقعات نہایت دلکش پیرایہ میں بیان کئے ہیں جو تاریخی حیثیت سے نہ سہی کم از کم ادبی حیثیت سے ضرور پڑھنے کے لائق ہیں۔ اگرچہ فردوسی حسب دلخواہ اپنے شاہکار کا صلہ نہ پا سکا لیکن کہتے ہیں کہ اسکے مرنے کے بعد سلطان محمود نے اسکی بیٹی کو پورا صلہ بھجوایا۔ اور جب بیٹی نے اس رقم کے لینے سے انکار کردیا کہ جس روپیہ نے اسکے باپ کے ساتھ وفا نہ کی۔ وہ کسی اور کے ساتھ کیا وفا کرے گا تو سلطان محمود نے اسی رقم سے فردوسی کے وطن ہی میں ایک کاروانسرائے بنوادی جس کے متعلق ”ناصر خسرو نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے... کہ سنہ ۴۳۰ھ میں جب وہ طوس میں پہونچا تو ایک کاروانسرا دیکھی لوگوں سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ فردوسی کے صلہ سے تعمیر ہوئی ہے۔ فرہنگ رشیدی اور چہار مقالہ میں لکھا ہے کہ اس کا نام چاہہ ہے اور مرو اور نیشاپور کے راستہ میں ہے“[1]

پرستار زادہ نیاید بکار

فردوسی اور ہجو محمود

سلطان محمود کی وعدہ خلافی اور اس کا قدرتی ردعمل یعنی فردوسی کا بڑھا کر محمود کی ہجو لکھنا اب تک یقینی طور پر نہیں کہا جاسکتا کہ کہاں تک صحیح ہے اور کہاں تک غلط۔ ویسے تو اب تک ہر شخص اس قصہ پر اعتبار کرتا چلا آیا ہے۔ لیکن حافظ محمود شیرانی کی تحقیقات نے اس کو بھی داستان یا نتیجہ خیال آرائی قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ فردوسی ایک بلند حوصلہ اور عالی ظرف انسان تھا۔ اگرچہ سلطان کی

---

[1] شعر العجم حصہ اول صفحہ ۵۹

ناقدردانی نے اس کا دل پاش پاش کر دیا ہوگا۔ تاہم کہا جا سکتا ہے کہ وہ ایک ہجو لکھ کر انتقام لینے کے ناقابل تھا۔ اور بفرض محال اگر فردوسی نے فی نفس الامر میں کوئی ہجو لکھی تھی تو وہ فوراً برباد کر دی گئی اور ضایع شدہ ہجو کا اب ایک شعر بھی ہمارے پاس نہیں۔"

اس موضوع پر مختلف راویوں کے مختلف بیانات مختصراً درج ذیل ہیں۔

دیباچہ قدیم شاہنامہ[2] کا بیان ہے کہ عنصری کی معرفت فردوسی دربار محمود میں پہونچا۔ شاہنامہ نظم کرنے کی خدمت پر مامور ہوا۔ امتحاناً پہلے داستان سیاوش نظم کی۔ محمود کو پسند آئی اور فی شعر ایک دینار زر کی معاوضہ کا حکم ہوا۔ ۴ سال میں فردوسی نے شاہنامہ مکمل کر دیا۔ لیکن مذہبی اختلاف اور شاہنامہ میں جا بجا اسکے اظہار پر سلطان برہم ہو گیا پھر بھی عنصری وغیرہ کی سفارش پر معاف کر دیا گیا۔ انعام دینے کے وقت سلطان کے وبیر ابو سہل ہمدانی کے عرض کرنے پر بجائے سونے کے سکے کے چاندی کے سکے اس کو بھجوائے گئے۔ فردوسی اس وقت حمام میں تھا۔ نکل کر بیس ہزار حمامی کو۔ بیس ہزار فقاعی کو اور بیس ہزار انعام لانے والوں کو بخش دیئے اور دو تین بیت لکھ کر ایاز کے سپرد کر کے روپوش ہو گیا جب وہ کاغذ محمود کے سامنے پیش ہوا تو وہ بحد متغیر ہوا۔ گرفتاری کا حکم دے دیا اور ہاتھ نہ آنے پر وزیروں اور دوسروں پر غصہ اتارا اور ان کو موقوف اور شہر بدر کر دیا۔

---

[1] فردوسی پر چار مقالے۔ مصنفہ شیرانی۔ صفحہ ۸۹

[2] ماخوذ از فردوسی پر چار مقالے مصنفہ شیرانی

چار مقالہ نظامی عروضی کا کہنا ہے کہ شاہنامہ طوس میں مکمل ہو کر خواجہ بزرگ احمد بن حسن میمندی کی وساطت سے دربار سلطانی میں پہونچا لیکن خواجہ کے دشمنوں نے دراندازی کر کے اور فردوسی کو رافضی اور معتزلی ثابت کر کے سلطان کو صرف پچاس ہزار درم عطیہ دینے پر راضی کر لیا۔ یہ انعام فردوسی نے حمامی اور فقاعی میں تقسیم کر دیا۔ اور سیاست سلطانی سے خائف ہو کر راتوں رات غزنیں سے فرار ہو گیا۔ طبرستان پہونچکر سلطان کی ہجو میں اس نے سو بیت لکھے۔ اور شہریار والی طبرستان کے نام شاہنامہ منسوب کرنا چاہا۔ لیکن اس نے شاہنامہ محمود ہی کے نام رہنے دینے کا مشورہ دیا اور ان کی ہجو ایک لاکھ درہم میں خود خرید لی۔ اس طرح ہجو دھل گئی صرف بیت منجملہ اس کے باقی رہ گئے۔

مندرجہ بالا بیانات نیز دیگر مختلف روایات کو پیش نظر رکھتے ہوئے علامہ شبلی کی تدقیق و تحقیق کے نتائج حسب ذیل ہیں۔

علمی تاریخ کا یہ نہایت ناگوار واقعہ ہے کہ فردوسی کو اس کی اعجاز بیانی کی داد نہیں ملی یعنی شاہنامہ جب تیار ہوا تو اس کو اشرفیوں کے بجائے روپے دلوائے گئے۔ یہ واقعہ عموماً مسلم ہے۔ لیکن اسباب مختلف بیان کئے گئے ہیں اور سب باہم متناقض ہیں۔

دولت شاہ اور نظامی عروضی یہ کہتے ہیں کہ مذہبی اختلاف کی بناء پر محمود کی طرف سے بے اعتنائی کے اسباب پیدا ہو گئے۔ دیباچہ نویسوں کا خیال ہے کہ فردوسی کو چونکہ شرافت نسب پر بہت ناز تھا اس وجہ سے

لہ ماخوذ از شعر العجم شبلی۔ حصہ اول صفحہ ۸۱ - ۸۸

محمود کی نظروں سے گر گیا۔ مذہبی اختلاف کی وجہ سے محمود کی طرف سے قدردانی میں کمی قرین عقل نہیں معلوم ہوتی۔ کیونکہ محمود کے دربار میں بہت سے شیعی علماء و فضلا موجود تھے اور یہی نہیں بلکہ ہندو۔ عیسائی۔ یہودی نیز دیگر مذہب و ملت کے اہل کمال کی بھی قدر کی جاتی تھی۔

غالباً بات یہ تھی کہ سلطان محمود کو دیلمی خاندان سے سخت عداوت تھی جس کی وجہ یہ تھی کہ وہ متعصب شیعہ تھے اس خاندان کا تاجدار فخر الدولہ تھا۔ وہ فردوسی کا نہایت قدردان تھا۔ جب فردوسی نے "رستم و اسفندیار" کی داستان نظم کی تو اس نے صلہ کے طور پر ہزار اشرفیاں بھیجیں اور لکھا کہ اگر آپ یہاں تشریف لے آئیں تو نہایت اعزاز و احترام کیا جائیگا۔ یہ خبر تمام غزنین میں پھیل گئی محمود نے سنا تو اس کو ناگوار گزرا۔[1]

بہر حال وجہ کچھ بھی ہو واقعہ یہ ہے کہ محمود نے فردوسی کی قدردانی کا حق ادا نہ کیا۔ فردوسی حمام میں نہا رہا تھا کہ شاہنامہ کا صلہ پہونچا فردوسی حمام سے نکلا تو ایاز نے روپیہ کی تھیلیاں پیش کیں۔ فردوسی نے بڑی بیتابی سے دست شوق بڑھایا۔ لیکن سونے کے پھول کے بجائے چاندی کے پھول تھے۔ فردوسی کے دل سے بیساختہ آہ نکلی تھیلیاں کھڑے کھڑے لٹا دیں اور ایاز سے کہا کہ بادشاہ سے کہنا کہ "میں نے خون جگر ان سفید دانوں کے لیے نہیں کھایا تھا" ایاز نے محمود سے ساری کیفیت بیان کی۔ محمود نے حسن میمندی (غالباً شبلی کا مقصد

---

[1] شیرانی کا خیال ہے کہ داستان رستم و اسفندیار فردوسی کے غزنین پہنچنے کے بعد غزنین ہی میں لکھی گئی لہذا فخر الدولہ کا فردوسی کو انعام بھیجنے کا قصہ بے بنیاد ہے۔
(تنقید شعر العجم صفحہ ۱۱۱)

احمد بن حسن میمندی سے ہے) کو بلا کر ناراضی ظاہر کی میمندی نے کہا۔ "حضور خاک کی ایک چٹکی بھیجدیتے تب بھی فردوسی کو آنکھوں سے لگاتا تھا۔ انعام شاہی کا رد کرنا بڑی گستاخی ہے" اس چبھتے ہوئے فقرے نے محمود کے دل میں بھی اثر کیا اور برہم ہو کر کہا کہ کل میں اس کو اس گستاخی کا مزہ چکھاؤں گا۔ فردوسی کو خبر ہوئی تو سخت پریشان ہوا صبح کو محمود باغ میں آیا تو فردوسی نے دوڑ کر پاؤں پر سر رکھدیا اور بدیہہ یہ اشعار پڑھے

چو در ملک سلطان کہ خوش ستود	بسے ہست ترستود گبر و یہود
گرفتند در ظل عدلش قرار	شدہ ایمن از گردش روزگار
چہ باشد کہ سلطان گردوں شکوہ	رہے را شمارد یکے زان گروہ

سلطان محمود کو رحم آیا اور اس کی تقصیر معاف کردی۔

غزنین سے چلتے وقت فردوسی نے ایاز کو ایک لفافہ سربمہر دیا اور کہا کہ میرے جانے کے ۲۰ دن بعد بادشاہ کو دینا۔ فردوسی ہرات کو روانہ ہوا۔ محمود نے لفافہ کی مہر کھولی تو ہجو کے اشعار تھے۔

فردوسی جب غزنین سے نکلا تو اس بے سروسامانی سے نکلا کہ ایک چادر اور عصا کے سوا کچھ پاس نہ تھا احباب اور قدردانوں کی کمی نہ تھی لیکن معتوب شاہی کو کون امداد یا پناہ دے سکتا تھا۔ تاہم ایاز نے یہ جرأت کی کہ جب فردوسی شہر سے باہر نکل گیا تو مخفی طور پر کچھ نقدی اور کچھ سامان سفر بھجوادیا۔ فردوسی ہرات سے طوس اور وہاں سے قہستان گیا۔ شاہی جاسوس اس کو ڈھونڈتے پھرے لیکن پتہ نہ لگا سکے۔ قہستان

کے حاکم ناصر لک نے اسکو ہاتھوں ہاتھ لیا اور فردوسی کی مثنوی جو محمود کی بدعہدی کے متعلق تھی ایک لاکھ روپیہ میں اس سے خرید لی اور سلطان محمود کو فردوسی کی سفارش لکھی[له] - لیکن خود محمود کے ڈر سے اپنے پاس زیادہ ٹھہرا نہ سکا فردوسی وہاں سے ماژندران آیا اور وہاں سے بغداد گیا - غرضکہ اسی طرح وہ جگہ جگہ مارا مارا گھومتا پھرا - کہیں سکون کی زندگی نظر نہ آئی - اور ہر جگہ شاہی جاسوس پیچھا کرتے دکھائی دیئے -

ایک دفعہ سلطان محمود ہندوستان کی مہم سے واپس آرہا تھا راستہ میں دشمن کا قلعہ تھا - وہیں ٹھہر گیا اور قاصد بھیجا کہ حاضر خدمت ہو کر اطاعت بجالائے - دوسرے دن قاصد جواب لایا - لیکن ابھی کچھ کہنے نہ پایا تھا کہ محمود نے وزیر اعظم سے کہا کہ دیکھ کیا جواب لایا ہے - وزیر نے برجستہ کہا -

اگر جز بکام من آمد جواب   من و گرز و میدان و افراسیاب

محمود پھڑک اٹھا اور پوچھا کس کا شعر ہے - وزیر نے کہا کہ اس بدقسمت کا جس نے ۱۵ برس خون جگر کھایا اور کچھ حاصل نہ ہوا محمود نے کہا مجھ کو سخت ندامت ہے - غزنیں پہنچکر یاد دلانا - غرض کہ پایہ تخت میں پہنچکر ۶۰ ہزار

له بحوالہ شاہنامہ، داستان خسرو شیریں، پروفیسر شیرانی کو علامہ شبلی کے اس خیال سے اتفاق نہیں ہے - ان کا کہنا ہے کہ فردوسی محمود سے نا امید ہونے کے بعد سجستان یا خراسان امیر ابو المظفر نصر بن ناصر الدین سبکتگین کے پاس چلا گیا جو سلطان محمود کا بھائی تھا اور شاہنامہ اس کی خدمت میں پیش کر کے صلہ طلب کیا - نیز یہ التجا کی کہ وہ سلطان محمود سے اس کی سفارش بھی کر دے (تنقید شعر العجم صفحہ ۱۴۲)

اشرفیاں فردوسی کے پاس بھیجیں لیکن تقدیر پر کس کا زور ہے۔ ادھر شہر کے ایک دروازے سے جس کا نام رودبار تھا صلہ پہونچا۔ اُدھر دوسرے دروازے سے فردوسی کا جنازہ نکل رہا تھا۔

بعد مرنے کے مری قبر پہ آیا وہ میر یاد آئی مرے عیسے کو دوا میرے بعد"

یہاں تک تو تھے شبلی کے خیالات اب ہجو محمود کے متعلق مختصر طور پر شیرانی کے خیالات بھی سن لیجئے۔

"ہمارا مشرقی مذاق انتہا پسند واقع ہوا ہے عطریات میں ہم تیز بو والے عطر پسند کرتے ہیں۔ کھانوں میں چٹ پٹی یا کثرت سے شیریں اشیا ہمیں مرغوب ہیں۔ لباس میں بھڑک جائز سمجھتے ہیں۔ اسی طرح تاریخ بھی وہی پسند کرتے ہیں جس میں قصہ بھی ہوں۔ اس کی کبھی پروا نہیں کرتے کہ یہ افسانہ ہے یا واقعہ۔ شبلی نے ملکی مذاق کی تبعیت میں فردوسی کے حالات قلمبند کرتے وقت اسی قسم کے ذرائع تلاش کئے جو ہم خرما و ہم ثواب کے مصداق ہوں۔ اور اس قسم کے قصے دیباچہ بایسنغری سے بہتر ان کو کہیں اور نہیں مل سکتے تھے۔[1]

"موجودہ ہجو دیباچہ بایسنغری (تالیف ۸۲۹ھ) کے عہد سے چلتی ہے اور دیباچہ نگار زیادہ تر اس کا ذمہ دار ہے اس کی تیاری کے لیئے بڑا حصہ شاہنامہ سے لیا گیا ہے۔ اسکے بعد گرشاسپ نامہ۔ بہمن نامہ نیز دیگر نامعلوم ذرائع سے خوشہ چینی کی گئی ہے۔ پھر اس کالائے وزدیدہ کو مسلسل نظم کی شکل میں ترتیب دینے کے واسطے جدید اشعار حسب موقع

---

[1] تنقید شعر العجم۔ حافظ محمود شیرانی۔ صفحہ ۸۴

[2] تنقید شعر العجم۔ شیرانی۔ صفحہ ۱۱۶

وضرورت لکھ کر داخل کیے گئے۔ اس طرح سو شعر کی یہ ہجو تیار ہو گئی۔ ورنہ دیباچہ بالسینغری سے قبل کے شاہناموں میں ہجو کے اشعار نہایت کم تعداد میں ملتے ہیں۔"

شاہنامہ نظم کرنے سے قومی اور ملی وقار و روایات کو محفوظ کرنے کے علاوہ فردوسی کا یقینی یہ مقصد بھی تھا کہ شاہنامہ کا صلہ ضعیفی اور تنگ دستی میں اسکے کام آئے گا۔ اور بڑھاپا اطمینان و فارغ البالی میں گزر جائے گا۔ نیز بقیہ رقم اس کی لڑکی کے لیے اندوختہ کا کام دے گی اور فردوسی کے بعد پس ماندگان کی زندگی کا سہارا بنے گی۔

به پیوستم این نامه باستان   پسندیده از دفتر راستان
که تا روز پیری مرا بر دهد   بزرگی و دینار و افسر دهد

لیکن محمود کے یہاں سے مایوس اور ہونے کی وجہ سے اس کی سب امیدیں خاک میں مل گئیں لیکن واقعہ یہی معلوم ہوتا ہے کہ سائل منعم سے اور تشنہ دریا سے قطعاً محروم گیا۔ داستان خسرو پرویز و شیریں میں اسی حادثہ کی طرف اشارہ ملتا ہے اور فردوسی اپنی بدقسمتی اور حاسدوں کی بدگوئی کو ذمہ دار قرار دیتے ہوئے تقدیر پر شاکر نظر آتا ہے۔

چنین شهریارے و بخشنده   بگیتی ز شاهان درخشنده
نکرد اندرین داستانها نگاه   ز بدگوئے و بخت بد آمد گناه
حسد برد بدگوئے در کار من   تبه شد بر شاه بازار من

فردوسی جب غزنین سے نا امیدی اور مایوسی کے عالم میں روانہ ہوا تھا تو کہا جاتا ہے کہ جامع مسجد کی دیوار پر چند اشعار لکھ آیا تھا۔ جو حقیقت میں اسکے دلی جذبات کے سچے ترجمان معلوم ہوتے ہیں اور جن کے متعلق مشہور ہے کہ نماز جمعہ کے موقع پر جب ان اشعار پر سلطان محمود کی نظر پڑی تو اس کو

فردوسی کے ساتھ زیادتی کرنے اور اس کی علمی کاوشوں کی ناقدردانی کرنے
کا سخت افسوس ہوا۔ اشعار حسب ذیل ہیں۔

حکیم گفت کسے را کہ بخت والا نیست — بہ ہیچ وجہ مراد وراز مانہ جویا نیست
بود مجاور دریا نشین مگر روزے — بود ستت افسد درے کجاش ہمتا نیست
خجستہ درگہ محمود زابلی دریا ست — کدام دریا کانرا کرانہ پیدا نیست
شدم بدریا غوطہ زدم ندیدم در — گناہ بخت من است این گناہ دریا نیست

ان سب مختلف فیہ اور متناقض روایات سے بظاہر نتیجہ یہ نکلتا ہے
کہ فردوسی "اپنی شہرت[1] اور مالی منفعت کی امید میں شاہنامہ کی نظم پر مستعد ہوا۔ اور
سلطان محمود کی تخت نشینی سے پہلے بیس سال تک اس پر کام کرتا رہا۔ اس کی
تاجپوشی کے وقت غزنین آیا۔ جہاں چھ سال رہ کر (سنہ ۳۸۸ھ تا سنہ ۳۹۴ھ)
اس نے شاہنامہ تقریباً ختم کر دیا۔ ابتداً میں حالات سازگار تھے۔ آخر میں دشمنوں
کی بدگوئی کی وجہ سے سلطان کے دربار سے قطعاً محروم گیا۔ محمود کو شاہنامہ سے
کوئی دلچسپی نہ تھی۔ نہ اس نے اس کی نظم کا حکم دیا۔ وہ قدردانی کی امید میں آیا
تھا۔ اس امید میں اس کو ناکامی ہوئی۔ اس کی تین پینتیس سال کی محنت کا اکارت
جانا شاعر کی زندگی کا تلخ ترین واقعہ ہے۔ مگر سلطان کو اس کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا
جا سکتا۔ خود فردوسی اس نامرادی کو اپنی بدنصیبی پر محمول کرتا ہے۔ یہ ناقدردانی ہجو
کے واسطے وجہ جواز نہیں بنائی جا سکتی[2]"۔

اس ناقدردانی کے بعد فردوسی کی مختلف درباروں میں دوڑ دھوپ کا قصہ بھی
کچھ یوں ہی سا معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ ایک "اسی برس کا پیر فرتوت بڑھاپے سے

---

[1] فردوسی پر چار مقالے از حافظ محمود شیرانی صفحہ ۳۸
[2] فردوسی پر چار مقالے از شیرانی صفحہ ۳۹

جس کی کردھری کر دی ہے ۔ آنکھوں سے جس کو بہت کم دکھائی دیتا ہے کانوں سے ترسٹھویں برس بہرا ہو گیا تھا جس کے اعضا میں رعشہ غلبہ پا چکا تھا ۔ جو عصا کی مساعدت کے بغیر ایک قدم بھی حرکت نہیں کر سکتا تھا ، کہاں اِدھر اُدھر مارا مارا پھرتا اور شاہی تعاقب سے محفوظ و مامون رہ سکتا تھا مزید برآں فردوسی طبعاً ایسا اوچھا نہ تھا کہ ذرا سی بات پر ہجو لکھنے بیٹھ جاتا اور سلطان محمود اتنا کم ظرف نہ تھا کہ محض مذہبی اختلاف یا نسبی افتخار کی بنا پر مستحقین کو ان کے حقوق سے محروم کر دیتا خصوصاً ایسی صورت میں جبکہ آج تک یہ قطعی طور پر طے نہ ہو سکا کہ فردوسی شیعہ تھا یا سنی ۔ اسکے کلام میں مختلف مواقع پر ایسے فلسفیانہ مسائل اور صوفیانہ عقاید کے تذکرے ملتے ہیں کہ جو اسکے شیعہ ہونے کو مشتبہ بنا دیتے ہیں ۔ تنگ نظری اس سے کوسوں دور نظر آتی ہے اور وہ صرف ایمان و ایرانیت کا دلدادہ اور اسلام کا فدائی دکھائی دیتا ہے ۔

ہجو محمود اب تک جتنے اشعار سلطان محمود کی ہجو کے نام سے منسوب و مشہور ہوئے ہیں ان کی مجموعی تعداد دو سو کے قریب پہونچتی ہے ۔ جیسا کہ اس سے قبل اشارہ کیا جا چکا ہے ان میں زیادہ تر تو شاہنامہ ہی کے اشعار ہیں جو فردوسی نے مختلف مواقع پر کہے تھے لیکن ہجو جمع کرنے والوں نے اپنے مفید مطلب اور برمحل دیکھ کر یکجا کر لیئے ۔ کچھ اشعار ایسے ہیں کہ مختلف اشعار کو باہم ربط دینے اور خیال کو مسلسل بنانے کے لیئے حسب ضرورت خود کہہ لیئے گئے ہیں ۔ کچھ دیگر کتب سے منقول ہیں اور ایسے چسپاں کیئے گئے ہیں کہ موضوع معلوم ہی نہیں ہوتے ہیں ۔ حقیقت کچھ بھی ہو بہرحال ، ہجو محمود بھی اب اپنی جگہ پر ایک ادبی مقام رکھتی ہے اور مطالعہ کے لائق ہے ۔ لہذا کچھ منتخب اشعار ذیل میں درج کیئے جاتے ہیں ۔

میں کچھ لسانی غرابت اور اجنبیت آگئی ہے بوقت مطالعہ جس کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ تاکہ صحیح احساسات اور دلی جذبات کے سمجھنے میں دقت نہ پیش آئے اور بآسانی کہنے والے کے مافی الضمیر کا اندازہ لگایا جا سکے۔ بخیال سہولیت کچھ الفاظ بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں۔

۱ - اسم کے آخر میں الف زائد۔ — نو بہارا آمد و بشگفت گل دیا سمنا

۲ - فعل کے آخر میں الف زائد۔ — بہ ہمی روز گیتی بہ پیما ئدا

۳ - "ب" سے پہلے الف زائد۔ — ابالشکر نا موری کینہ خواہ ذنیی بالشکر نامور

۴ - غیر جاندار چیزوں کی جمع الف ونون سے۔ — اگر عمر باشد مرا سالیاں (یعنی سالہا)

۵ - ضمیروں کی نادر ترکیب۔ — ز شادی رخاں شان چو گل بردمید (یعنی رخہائے شان)

۶ - فارسی الفاظ پر تشدید۔ — خوشّی - خّرہ - کرّشی

۷ - بعض دیگر زائد حروف۔ — چنین کے بجائے چونین - فرشتہ کے بجائے فریشتہ

۸ - متحرک بجائے ساکن اور ساکن بجائے متحرک۔ — بہ گویم ز مادرش وہم از پدرش

۹ - واؤ زائد — دیا بار رستم جنگ جو۔

۱۰ - کجا بمعنی کہ — کجا نام او بود گرد آفرید۔

۱۱ - ایدون بمعنی اکنوں چنین۔

۱۲ - بدآنسان نشان بمعنی ہماں طور

۱۳ - فرمان کردن بمعنی اطاعت کردن

۱۴ - کیمیا - بمعنی حیلہ - تدبیر
۱۵ - ویژہ بمعنی قدیم - خواص -
۱۶ - تنگ اندر آمدن - بمعنی نزدیک آمدن - وغیرہ وغیرہ -

۲ - مادی تشبیہات

زبان و بیان ہی کے سلسلہ میں شاہنامہ کی دوسری خصوصیت اس کی تشبیہات ہیں - فردوسی اکثر سیدھی سادی مادی اشیاء کی تشبیہات سے کام لیتا ہے اور لسانی شگافیوں اور تخیل کی بلند پروازیوں - نرم و نازک جذبات کی عکاسیوں اور تمثیل نگاروں سے زیادہ واسطہ نہیں رکھتا - وہ صاف سلیس اور سادی زبان میں واقعات و حالات بیان کرتا چلا جاتا ہے اور اپنے اردگرد کی چیزوں اور محض مادی اشیاء سے تشبیہ دیکر کلام میں وہ لطف اور بیان میں وہ دلکشی پیدا کر دیتا ہے کہ دوسروں کے یہاں اس کی مثال ملنا ناممکن ہے بعض اوقات معمولی الفاظ کی ترتیب اور جملوں کی نشست اعجاز سے کم حیثیت نہیں رکھتی کسی کے حسن کی تعریف میں یہ کہنا -

دو ابرو کماں و دو گیسو کمند ـــــ ببالا بکردار سرو بلند
لبان از طبرزد زبان از شکر ـــــ دہانش مکلل بدر و گہر

یا کسی نوجوان پہلوان کا سراپا ان الفاظ میں بیان کرنا -

ببالا ستارہ بساید ہمی ـــــ تنش را زمین بر نتابد ہمی

فردوسی ہی کا کام ہے - سب تشبیہات و استعارات مادی اور روزانہ کی زندگی سے تعلق رکھنے والے ہیں لیکن بیان کی چستی اور طرزِ ادا کی بہ جستگی نے ایک طلسم بنا کر سامنے پیش کر دیا ہے اور وہ تصویر آنکھوں کے سامنے لا کر کھڑی کر دی ہے کہ ہزاروں عکاسیاں قربان - ڈاکٹر جانسن

نے ملٹن سے متعلق کہا تھا کہ "وہ فطرت انسانی کو مجموعی حیثیت سے جانتا تھا۔ اور مختلف اطوار و عادات کے تنوع اور دھوپ چھاؤں رنگوں کا اداشناس تھا۔ وہ جذبات انسانی کی متضاد کیفیات اور حیات بشری سے مختلف النوع تاثرات کا جاننے والا تھا۔" فردوسی کے متعلق بھی یہ قول ایک حد تک درست معلوم ہوتا ہے۔ وہ حسن و عشق کی محفل آرائیوں، ناامیدیوں، مایوسیوں اور ناکامیوں کی کارفرمائیوں اور افکار و حوادث کی مکمل تر ذہنی تصویروں میں اپنا رنگ ضائع کرنا اور قلم مصور نقش رنگار دکھنا زیادہ مصلحت نہیں سمجھتا۔ اس کی نقاشیاں جلی قلم میں فن کاری کے بہترین نمونے پیش کرتی ہیں اور موشگافیوں سے زیادہ کام لینا پسند نہیں کرتی ہیں۔ اسکے یہاں لطیف و نازک جذبات کا شعور اپنی جگہ پر پوری طرح موجود ہے لیکن ان رقت خیزیوں اور نغمہ ریزیوں میں الجھ کر وہ اپنے رزمیہ انداز بیان کو غیر مؤثر اور بھدا نہیں بنانا چاہتا۔ لہذا ان پیچیدگیوں سے الگ ہی الگ رہتا ہے۔

سادہ بیانی کے اسباب

اس ارادی دامن کشی اور احتیاط میں کچھ غیر ارادی چیزیں بھی شامل ہیں۔ اور فردوسی کی سادہ بیانی کے اسباب میں زبان کا بچپن اور سماجی زندگی کی سادگی خاص طور پر قابل لحاظ ہے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ ایران میں تمدنی شعور کا آغاز تھا۔ اور اجتماعی زندگی کی ابتدا۔ لہذا جذبات انسانی کی ترجمانی میں تخییل کی رنگ آمیزیاں زیادہ کام نہیں دیکھتی تھیں۔ علاوہ ازیں فردوسی ہر غیر ضروری تطویل سے دامن بچا کر چلنا چاہتا تھا۔ تاکہ عمر نا پائدار دھوکہ نہ دیجائے اور زمانہ کی سازگاری ناسازگاری میں تبدیل نہ ہو جائے۔ فردوسی نے جب شاہنامہ نظم کرنے کے لیے قلم اٹھایا تو اسکی عمر کم تقریباً پچاس

گزر چکے تھے۔ اتنا بڑا کام سامنے تھا۔ موت اور بڑھاپا سر پر کھڑے تھے۔ تاریخی مواد یکجا طور پر موجود نہ تھا فکر معاش کیطرف سے اطمینان کی شکل نہ تھی۔ ملک میں روزانہ انقلاب رونما ہوتا تھا۔ بے اطمینانی اور سرگردانی ہر وقت سر پر منڈلایا کرتی تھی۔ زندگی ہر قدم پر آنکھیں دکھاتی تھی۔ دقیقی کا حشر وہ دیکھ چکا تھا کہ تقریباً ایک ہزار شعر ہی لکھ کر زندگی کا خاتمہ ہوگیا۔ اور ساری تمنائیں دل ہی میں رہ گئیں۔ فردوسی کو فکر تھی کہ جہاں تک جلد ہو سکے وہ اس کام کو مکمل کردے اور ذمہ داریوں کے بار گراں سے سبکدوش ہو جائے۔ ان ہی وجوہات کی بنا پر اس نے ہر اس تفصیل کو نظر انداز کیا کہ جس کی بدولت تاخیر و تطویل کا اندیشہ تھا۔

غرضکہ فردوسی کی سادہ بیانی کے اسباب میں مندرجہ بالا سب چیزیں شامل ہیں۔ شاہنامہ کی رزمیہ اہمیت اور موضوع کی تاریخی وسعت۔ زبان کا عنفوان اور مصالح وقتی کا اقتضا۔ برابر مصر تھا کہ کوئی غیر ضروری اجزاء شریک اشاعت نہ ہو جائیں اور کلام میں شاعرانہ خیال آرائی اور بے محل لفاظی راہ نہ پائے۔ لہذا مضمون آفرینی سے کنارہ کشی کرتے ہوئے فردوسی نے بیان مطلب ہی سے زیادہ واسطہ رکھا اور حسن و محبت کے معاملات نیز حزن و الم کے بیانات کے سلسلہ میں داخلی مصوری اور ذہنی ترجمانی کی طرف زیادہ متوجہ نہ ہوا اور یہ کام آنے والی نسلوں کے لیئے چھوڑ گیا۔

۳۔ متنوع اسلوب بیان

لیکن یہ کہنا کہ فردوسی مختلف واقعات کو ایک ہی قسم کے الفاظ اور ایک ہی سے اسلوب بیان میں پیش کر دیتا ہے اور تنوع یا فرق مراتب کا بالکل لحاظ نہیں رکھتا یا یہ کہ فردوسی

نفسیات انسانی کی عکاسی سے بالکل قاصر ہے محض غلط ہے ذیل میں چند مثالیں دی جاتی ہیں جن سے واضح ہو جائے گا کہ باوجود زبان کی قدامت کو قائم رکھنے اور مادی تشبیہات اور سادہ بیانی سے کام لینے کے اسکے ایک ایک لفظ میں گہرائیاں اور نازک ادائیاں موجود ہیں۔ وہ موقع محل پر جذبات انسانی کی ایسی سچی اور مکمل تصویریں کھینچتا ہے کہ بڑے بڑے محاکات نگار حیران رہ جائیں اور جواب پیش نہ کرسکیں۔

۴۔ مرقع نگاری

اس سلسلہ میں مرقع نگاری فردوسی کا خاص اسلوب بیان ہے۔ سمنگان کی سرحد پر شکار کھیلنے کے بعد رستم جب گورخر کا کباب لگاتا ہے اور سیر ہو کر کھاپی کر آرام کرنے لیٹتا ہے تو اس واقعہ کی تصویر فردوسی کے بیان دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے ایک پہلوان اور رستم جیسے پہلوان کے کھانا کھانے کا مکمل نقشہ فردوسی کے مختصر الفاظ میں ملاحظہ ہو۔

جو بریان شد از ہم بکندو بخورد ۔۔۔ ز مغز استخوانش برآورد گرد

فردوسی کو غالب کی طرح اگر چغتائی کا قلم مل جاتا تو نہ معلوم کتنے "مرقع" اور "نقش" تیار ہو جاتے۔ اور دنیا میں اپنی مثال ہوتے "از ہم بکند" کے مصورانہ اقتدار قابل غور ہیں۔ اور ہڈیوں میں سے گودا بھی نکال کر کھا جانا شدت اشتہا اور ذوق خورش کا بہترین ترجمان۔

اسی طرح عام طور پر دو پہلوانوں کی آپس کی جنگ کے واقعات۔ داؤ پیچ۔ حریفان نبرد کی سرجوشی۔ تیزدستی اور سخت کوشی۔ جوش و خروش اور گرما گرمی کے نقشے فردوسی کا قلم نہایت مفصل کھینچ کر دکھاتا ہے اور فصاحت و بلاغت کے کسی اصول کو ہاتھ سے جانے نہیں دیتا۔ سہراب کا کیکاؤس کے خیمہ کی میخیں اکھاڑ پھینکنے کا واقعہ فردوسی کے الفاظ میں قابل دید ہے۔

ازان پس بجنبید از جائے خویش به نزدیک پرده سرا رفت پیش
خم آورد پشت و سنان سیخ بزد تند و برکند هفتاد میخ
سراپرده یک بهره آمد زپائے زهر سو برآمد دم کرنائے

کس قدر مکمل تصویر ہے جس طرح سہراب نے گھوڑے کی پیٹھ پر برچھا سنبھالا۔ تیزی سے حملہ کیا اور ستر میخیں اکھاڑ کر پھینک دیں خیمہ ایک طرف سے زمین پر آرہا اور ہر طرف شور برپا ہوگیا۔ اسکی تفصیل واضح طور پر آنکھوں کے سامنے آجاتی ہے۔

۵۔ بیان واقعہ اور فرق مراتب

صرف یہی نہیں کہ فردوسی مختلف واقعات کی بہترین عکاسی کرتا ہے بلکہ جہاں کہیں تقریباً ایک ہی قسم کی تصویریں ہوتی ہیں فردوسی ان کے ہر لطیف فرق اور نازک امتیاز کو قائم رکھتا ہے۔ بلکہ اجاگر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

سہراب کا لشکر میں اپنے سرداروں کو چاروں طرف لئے ہوئے بیٹھا ہونا اور رستم کا جاسوس بن کر وہاں پہونچنا اور سہراب کو دیکھنا۔ یا رستم کا اپنے خیمہ گاہ میں تخت پر بیٹھا ہونا اور سہراب کا قلعہ کی فصیل سے اس کو دیکھ کر ہجیر سے اسکے متعلق مختلف سوالات کرنا تقریباً ایک ہی سے واقعات ہیں۔ لیکن فردوسی کے انداز بیان کا لطف اور الفاظ میں انفرادی فرق مراتب ملاحظہ ہو۔

تو گفتی همه تخت سهراب بود بسان یکے سرو شاداب بود
باز و بکردار ران هیون برش چون بر شیر چهره چو خون

سہراب کا تخت پر بیٹھنے کا ڈھنگ گویا معلوم ہوتا ہے کہ تخت بالکل بھرا ہوا ہے۔ قد و قامت کی بلندی اور چہرہ کی سرخی۔ دست و بازو کی مضبوطی اور سینہ کی فراخی۔ نوخیز نوجوان سہراب کی کس قدر مکمل تصویر ہے۔ اس کے

مقابلہ میں اپنے خیمہ میں تخت پر بیٹھے ہوئے پختہ سال رستم کی تصویر ملاحظہ ہو۔

بمو بر نشستہ یکے پہلوان
ابا فرو باسفت دیال گوان
ازان پس کہ بر پائے پیشش ہراست نشستہ بیکسر از و برتر است

محض دو شعر ایک پیرانہ سال پہلوان کے بھاری بھرکم جسم کا کیسا ہو بہو اور مفصل نقشہ آنکھوں کے سامنے پیش کر دیتے ہیں۔ اس کے شانوں کی عظمت اور بازوؤں کی رستمانہ شان ہر لفظ سے برس رہی ہے۔ اور ایک مخصوص قامت وجسامت آنکھوں کے سامنے پھر جاتی ہے۔ بالخصوص یہ احساس کہ ایک شخص جو رستم کے تخت کے سامنے کھڑا ہوا ہے رستم کے بیٹھے ہوئے ہونے کی حالت میں بھی قد و قامت میں اس سے نکلتا ہوا ہے فردوسی کی قوت امتیاز و وقت بیان کا ممتاز کارنامہ ہے۔ رستم میں اگرچہ سہراب کی طرح جوانی کا رنگ روپ یا شباب کی امنگیں نہیں ہیں لیکن

بخود ہر زمان برخرد مشد ہمی تو گوئی کہ دریا بجو مشد ہمی

رستم کی پختہ عمری۔ پھرتی چستی۔ جوش اور عالی ہمتی کو ظاہر کر رہا ہے۔ دونوں برابر کے پہلوان ہیں اور طاقت و زور آزمائی میں کوئی بھی دوسرے سے کم نہیں ہے۔ لیکن عمر و سال کا فرق چہرے کی رونق اور جسم کی بناوٹ سے ظاہر ہو رہا ہے۔ اور دونوں کی انفرادیت کو اپنی اپنی جگہ پر قائم کئے ہوئے ہے۔ سہراب کے چہرے سے اگر جوانی کے آثار نمایاں ہیں تو رستم کے تن و توش سے تمام دوسرے حاضرین پر اس کی فضیلت۔ فردوسی نے اپنے بے پناہ آرٹ کو کام میں لاتے ہوئے باپ بیٹے کی شکل و صورت اور قامت و جسامت میں نازک فرق قائم رکھا ہے اور دونوں کے وقار و عظمت۔ جوانی و ہیبت

کو الگ الگ میز کر کے اس طرح دکھایا ہے کہ خود اپنی مثال ہے۔

محبت کا فرق مدارج | محبت اور محبت کے نازک فرق مدارج کو بھی فردوسی کے یہاں ملاحظہ کر لیجیے۔

تہمینہ سے جب سہراب اپنے باپ کا نام و نشان دریافت کرتا ہے تو تہمینہ واقعات بیان کرتے کرتے رستم کا نام آجانے پر اس کی تعریف جن الفاظ میں کرتی ہے اسکے ہر لفظ سے محبت مترشح ہے۔ بالخصوص وہ محبت جو جائز طور پر ایک بچھڑی ہوئی دلہن کو اپنے نامور اور شہرۂ آفاق شوہر سے ہونا چاہیے۔

تو پور گو پیلتن رستمی ۔۔۔ ز دستان سامی و از نیرمی
ازیرا سرت ز آسمان برترست ۔۔۔ کہ تخم تو زان نامور گوہراست
جہان آفرین تا جہان آفرید ۔۔۔ سوارے چو رستم نیامد پدید
دل شیر دارد تن ژندہ پیل
نہنگان برآرد ز دریائے نیل

مادرانہ محبت | ایک دوسرے موقع پر مادرانہ محبت کی تفصیل فردوسی کی زبان سے سن لیجیے۔ اور محبت کے فرق مدارج کا خیال رکھیے۔ سہراب کے مرنے پر تہمینہ جس انداز سے ماتم کرتی ہے اور سال بھر خاک اڑاتی پھرتی ہے۔ دردناک انداز میں ہر ایک سے بات کرتی ہے۔ اور آخر میں اسی غم میں جان دیدیتی ہے۔ فردوسی کی قدرت بیان کا حیرت انگیز کارنامہ ہے۔ اکلوتے بیٹے کا ماتم اس کے زخم خوردہ دل کی گہرائیوں سے طوفان اشک بن کر نکلتا ہے۔ اور دنیا کو اپنے ساتھ بہائے لیئے جاتا ہے زندگی کو وبال جان سمجھتی ہے اور جب تک زندہ رہتی ہے شرربار

نالوں سے سیر چراغاں کا سامان مہیا رکھتی ہے۔

خروشید و جوشید و جامہ درید | بزاری برآن کودک نارسید
بزو چنگ و بدرید پیراہنش | درخشان شد آن لعل زیبا تنش
زد بزد ناخن دو دیدہ بکند | برآورد بالا در آتش فگند
ہمہ خاک تیرہ بسر بر فگند | بدندان زبازوئے خود گوشت کند
ہمیگفت اے جان مادر کنوں | کجائی سرشتہ بخاک و بخون

تہمینہ کا چاک گریبان خستہ جان برہنہ بدن بدحواسی کے عالم میں اپنی آنکھیں نوچ ڈالنا اور جھپٹ کر آگ میں جا کودنا اس کی مادرانہ محبت کو والہانہ طور پر ظاہر کر رہا ہے اور فردوسی کا انتخاب الفاظ زور بیان۔ زبان پر قابو اور تفصیلات کا لحاظ حیرت انگیز ہے۔ سہراب کے کپڑوں کو بچوں کی طرح آغوش میں لے لینا۔ اسکے سواری کے گھوڑے سے لپٹ جانا اور ہاتھ پاؤں چومنے لگنا۔ اسکے ہتھیاروں سے سر مار مار کر اپنے آپ کو زخمی کرنا مادرانہ جذبات محبت کی کتنی صحیح ترجمانی ہے۔

نگاہ اولیں کی محبت باہمی چیتون اور نگاہ اولیں کی محبت حسن و عشق کی دنیا میں ایک خاص اہمیت رکھتی ہے۔ سہراب اور گردآفرید کے مختصر افسانہ محبت میں اس کا نمونہ بھی دیکھ لیجئے اور فردوسی کے شعور سخن گوئی کی داد دیجئے۔

باہم جنگ کرنے میں گردآفرید کے سر سے خود اتر جانے اور زرہ پھٹ جانے کی وجہ سے اسکے بال بکھر جاتے ہیں۔ گردآفرید کا چہرہ تمتما اٹھتا ہے اور حریف نبرد پر حقیقت کھل جاتی ہے۔

رہا شد زبندہ زرہ موئے او | درفشان چو خورشید شد روئے او

یہ منظر دیکھ کر سہراب کے دل پر بجلی سی گرتی ہے۔ اس کا اندازِ جنگ فوراً بدل جاتا ہے۔ اور اب بجائے تلوار یا تیر چلانے کے وہ کمند سے کام لیتا ہے۔

زفتراک بکشاد پیچان کمند — بینداخت و آمد میانش بہ بند
بدو گفت کز من رہائی مجوے — چرا جنگجوئی تو اے ماہروے
نیامد بدامم بسان تو گور — زچنگم رہائی نیابی مشور

وہ خود اسیرِ دامِ بلا ہو چکا ہے اور اپنے صیاد کو پھندے میں سے کسی طرح آزاد کرنے کو تیار نہیں ہے لیکن چونکہ طبعاً بھولا بھالا اور نرم دل واقع ہوا ہے لہذا گردآفرید کے سحرِ حسن و تاثیرِ کلام سے متاثر ہو کر اسکے دھوکہ میں آجاتا ہے اور اس کو جانے دیتا ہے۔ دوسرے دن جب حقیقت کھلتی ہے تو اس کا دل بے چین ہو جاتا ہے اور مضطرب و بیقرار رگ جان کا ہر تار کانپ اٹھتا ہے اور وہ کہنے لگتا ہے

مرا چشم زخمے عجب رو نمود — کہ دہر آنچنان صیدے از من ربود
غریب آہوئے آمدم در کمند — کہ از بند جست و مرا کرد بند
زہے چشم بندے کہ آن پر فسوں — بہ تیغم نجست و مرا ریخت خون
مرا تلخ شد زندگی بے رخش — تنم شد اسیرِ شکر پاسخش
ندانم چہ کرد آن فسون گر بمن — کہ تا گہ مرا بست راہِ سخن
بہ آن رزم و آن روے و آن گفتگوے — نہ بینم دگر دلبرے جنگجوے
بزاری مرا خود بباید گریست — کہ دلدار خود را ندانم کہ کیست

(۳) کا یکایک پہلوان اور مردِ مقابل سے صنفِ نازک بن کر سامنے آجانا۔ اور گرفتار ہو جانے پہ خوشامدانہ انداز میں باتیں کرنا پھر چکمہ دے کر نکل جانا اور چلتے چلتے یہ فقرہ کس جانا کہ "ترکان ز ایران نیابند جفت"۔ سہراب کا پتہ بھی

دیر سویر اس سے سابقہ پڑنا ضروری ہے

یکے زود سازد یکے دیر تر

تقدیر سے کون لڑ سکتا ہے اور قد

خلاف مرضی واقعات اور ناخوش گوار حالا

چہ سازی وو رماں اینا کار چیست

دنیا کی بے ثباتی اور زمانہ کی بے الت

نہیں رکھا ہے۔ ناپائدار چیزوں سے کیا ع

کیا دل بہلانا۔ عارضی قیام گاہ میں کیا سیتو

میں کیا مستقل رہائش کا انتظام کرنا۔

دل اندر سرائے سپنجی مبند

فردوسی اور نظامی

شاعری کے لحاظ
نظامی کا دلچسپ

اس کو کچھ زیادہ مستحسن نہیں خیال کرتے ۔ ا

مقابلہ کرنا اور ایک کو دوسرے پر تفصیل د

پورے دو سو سال بعد پیدا ہوتے ہیں

کر چکی تھی۔ بدیع الزماں ہورعتبی کے اثرا

بھی جو فردوسی کے دور میں نامعلوم تھی۔ نظ

اپنی رنگ آمیزی شروع کر دی تھی۔ منوچہ

عبدالحمید مستوفی اور قاضی حمید الدین کی

کر دیا تھا۔ جب نظامی پیدا ہوتے ہیں

لہ تنقید شعر العجم ۔ صفحہ ۲۲۴ ۔ ۲۲۰

ت کے اعتبار سے زیادہ شرح اور بو کے
کے لیے ان کی طبیعت بیحد موزوں واقع
ت علمیت اور بلند تخیل نے اپنے
ں دیا ہے صنعت پرستی سے قدرتی لگاؤ
یں کمال حاصل ہے عین عالم جوانی میں
ڑتی ہے سلاطین عزت کی نگاہ سے
یک حد تک فارغ البال ہیں۔ اور اسی
م پیدا کرنے اور سرخروئی حاصل کرنے
سے کی بزم میں پہونچے تو شاید اور

پیری میں یہ پہلوان سخنوری کے میدان
کا خوشترین دور سے پیچھے چھوڑ آیا ہے۔
نامہ کے ہفت خوان میں پہلا قدم
راگندہ داستانوں کی تلاش میں
یات میں کوئی اعلیٰ نمونہ اسکے پیش نظر
رتا ہے ورنہ جس طرف دیکھئے
۔ قدامت کے ذوق میں وہ ناشران
ی ترجمہ کا پابند ہو جاتا ہے جس کی وجہ
کا خون کرنا پڑتا ہے۔ اس پر تاکید
کے سر پر اختتام کا سہرا باندھا دیکھ لیں۔

جب رستم پانچ سال کا ہوا تو اس کی خوراک ایک تندرست آدمی کے برابر تھی۔ لوگ کہتے ہیں کہ وہ تین سال کی عمر میں گھوڑے کی سواری کر لیتا تھا۔ اور آٹھویں برس اپنے وقت کے پہلوانوں میں کسی سے کم نہ تھا۔

چو رستم بہ پیمود بالائے ہشت   بسان یکے سرو آزاد گشت

قصہ مختصر اس کے مقابلہ کا کوئی آدمی بچپن میں بھی نظر نہ آتا تھا اور وہ "وہ آپ اپنی مثال تھا"۔

کس اندر جہاں کودکے نارسید   بدان شیر روی دگر دی ندید

جس پہلوان کی پیدائش اس طرح ہوئی ہو اور جس کی پرورش کی یہ صورتیں ہوں جس کا بچپن میں کوئی نوجوان مقابلہ نہ کر سکتا ہو اور جس کی جوانی اور بڑھاپے کے کارناموں سے داستانیں بھری پڑی ہوں۔ تاجداران وقت جس سے گھبراتے ہوں اور حریفان نبرد جس کے سامنے آنے سے کتراتے ہوں۔ ایسے غیر معمولی انسان کی موت بھی کوئی آسان بات نہیں ہے۔ چنانچہ مختصراً اس کا حال بھی سن لیجئے۔

رستم کی موت

آزاد سرو کی زبانی قصہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ شغاد زال کا لڑکا تھا جو ایک کنیز سے پیدا ہوا تھا۔ اس کی پیدائش پر نجومیوں نے پیشین گوئی کی تھی کہ اس کے ہاتھوں سام اور نریمان کا گھر تباہ ہو گا۔ جوان ہو کر شغاد کی شادی شاہ کابل کی لڑکی سے ہو گئی۔ رستم ہر سال کابل جایا

کرتا تھا۔ اور وہاں کے بادشاہ سے خراج وصول کر کے لایا کرتا تھا۔ آخری مرتبہ وصولیابی میں رستم نے بجائے معمول سے زیادہ سختی کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ بادشاہ ناراض ہوگیا اور اس کا تذکرہ اس نے شغاد سے کیا۔ شغاد نے کہا اگرچہ وہ میرا بھائی ہے لیکن مجھ سے وہ دشمنوں کی طرح برتاؤ کرتا ہے۔ میں خود اس سے نالاں ہوں۔ اور چاہتا ہوں کہ اس کا کسی طرح خاتمہ کر دیا جائے۔ شاہ کابل نے رستم کو مار ڈالنے کی تدبیر دریافت کی تو اس نے جواب دیا۔ ایک زبردست جلسہ کر کے محفل عام وسیع منعقد کی جائے جس میں سب عمائدین سلطنت جمع ہوں۔ اور بے تکلفی کے ساتھ حصہ لے رہے ہوں۔ اسی دوران میں سب کے سامنے مجھ پر بگڑ بیٹھنا۔ اور برا بھلا کہنا شروع کر دینا اس تذلیل پر میں ناراض ہو کر زابلستان چلا جاؤں گا اور زال و رستم کے سامنے تمہاری شکایت کر دوں گا۔

بمی خوردن اندر مرا سرد گوش — بیان سخن ناخوش مرد گوئے

زخواری شوم سوئے زابلستان — بنالم ز سالار کابلستان

اس شکایت پر یقیناً زال و رستم کو غصہ آجائے گا۔ اور وہ اس بے عزتی کا بدلہ لینے کابل آئیں گے۔ تم اس دوران میں یہ کہہ رکھنا کہ شکار کا اعلیٰ پیمانہ پر بندوبست ہو۔ اور شکارگاہ میں جگہ جگہ بڑے بڑے گڑھے کھدوا دیئے جائیں۔ کہ جن میں رستم اور اس کا رخش آ سکے۔ گڑھوں کے اندر تلواریں خنجر اور برچھے اوپر کو نوکیں کر کے گڑوا دیئے جائیں۔ اور پھر زمین ہموار کر دی جائے۔ تاکہ کسی کو شبہ نہ ہو سکے۔ شکار کے بہانہ اسی راستہ پر رستم کو ڈال دیا جائے۔ بس وہی گڑھے رستم کی قبر بن جائیں گے۔

تو نخچیر گاہے بگن سوئے راہ — بکن چاہ چندے بہ نخچیر گاہ

براندازہ رستم درخش ساز | بنش ور نشان نیزہ ہائے دراز
سر چاہ را زان سپس سخت کن | ز گفتار لب نیز بر دوخت کن

یہ ترکیب بادشاہ کو بیحد پسند آئی۔ چنانچہ ایک زبردست دعوت کا بندوبست کیا گیا جس میں کابل کے سارے بڑے لوگ جمع کئے گئے۔ پہلے سے طے شدہ نقشہ کے مطابق شغاد نے اپنی اور اپنے خاندان کی تعریف میں الٹی سیدھی باتیں کرنا شروع کیں۔ بادشاہ کو غصہ آگیا اور اس نے سب کے سامنے شغاد اور اس کے سارے خاندان کو برا بھلا کہنا اور ذلیل کرنا شروع کر دیا۔ شغاد سے نہ رہا گیا اور وہ سخت برافروختہ ہو کر اس تذلیل کی شکایت زال و رستم کے پاس لے چلا۔ نتیجہ حسب مرضی نکلا۔ رستم اپنے بھائی کی بے عزتی کا بدلہ لینے اور تخت کابل پر شغاد کو متمکن کرنے کے ارادہ سے مع ایک لشکر جرار کابل پر حملہ آور ہو گیا۔ جب رستم کابل کے قریب پہونچا تو اس نے بادشاہ کے پاس آدمی دوڑایا۔ کہ رستم آرہا ہے۔ وہ جلدی سے آکر معافی مانگ لے۔ چنانچہ فوراً شاہ کابل برہنہ پا رستم کی خدمت میں حاضر ہوا اور نہایت عاجزی کے ساتھ معافی چاہی۔ رستم کا دل پسیج گیا اور اس نے معاف کر دیا۔

پیمبر کابل بر آمد ز شہر | زباں پر ز پوزش روان پر ز زہر
دو رخ را بخاک سیہ بر نہاد | ہمی کرد پوزش ز کار شغاد
بنجشید رستم گناہ ورا | فزوں کرد زان پائے گاہ ورا

شاہ کابل نے رستم کی آمد کے سلسلہ میں ایک شاندار دعوت کیا اور شکار کے لیے خاص اہتمام و انتظام سے کام لیا۔ سازش شکارگاہ میں گڑھے پہلے ہی سے تیار کرا لیے گئے تھے ا

ایکم مکمل تھی۔

نعل بظاہر وصیاد در قفا خفت است　　اجل رسیدہ چہ داند بلا کجا خفت است

آخر رستم پھندے میں پھنس گیا اور دعوت کے بعد رخش پر سوار ہو کر شکار میں حصہ لینے چل کھڑا ہوا۔ شغاد اس کے ساتھ گیا لیکن ذرا الگ الگ رہا۔ رستم فاتحانہ انداز میں آگے آگے چلا جا رہا تھا کہ یکایک رخش کچھ جھجکا اور کسی طرح قدم آگے نہ بڑھاتا تھا۔ رستم نے غصہ میں آکر ایک ہلکا سا کوڑا اس کے رسید کیا۔ گھوڑا مجبوراً آگے بڑھا لیکن بڑھتے ہی مع رستم کے ایک بڑے سے گڑھے میں گر گیا جس کا سلسلہ دور تک چلا گیا تھا اور جہاں ہر طرف برچھے اور تلواریں اوپر رخ کئے گڑی ہوئی تھیں..

دو پالش فرو شد بیک ناسار　　بند جائے آویزش و کارزار
بن چاہ پر حربہ و تیغ تیز　　نہ جائے مردی و جائے گریز

رستم اور اس کا رخش دونوں بری طرح زخمی ہو گئے اور ایسے پھنسے کہ بہادری و جنگ آزمائی۔ جے کہ گریز پائی کی بھی گنجائش نہ رہی۔ دونوں دم توڑنے لگے اور زندگی سے سخت مایوس ہو گئے۔ کچھ دیر بعد رستم نے آنکھیں کھولیں اور ہمت کر کے گڑھے سے اوپر سر نکال کر دیکھا تو شغاد سامنے کھڑا تھا۔ وہ سمجھ گیا کہ یہ سب اسی کی کارگزاری ہے۔ اس نے شغاد سے کہا کہ ذرا مجھے دو تیر اور میری کمان زہ کر کے دیدینا۔ تاکہ اگر جنگلی جانور شکار کی تلاش میں ادھر کا رخ کرے تو میرے ہاتھ میں [illegible] کر بھاگ جائے اور حملہ کی ہمت نہ کر سکے۔ شغاد نے مسکراتے [illegible] کر کے رستم کے ہاتھ میں دے دی۔ بڑی مشکل سے [illegible] [illegible]ٹھائی اور ایک تیر ایسا جوڑ کر مارا کہ شغاد مع اس درخت

کے کہ جس کے پیچھے وہ گھبرا کر جا چھپا تھا بری طرح چھد کر رہ گیا۔

درخت و برادر بہم بر بدوخت ۔ بہنگام رفتن دلش برفروخت

اپنے دوست نما دشمن کا اپنے ہاتھوں یہ حال دیکھ کر رستم مسکرایا!
اور اس نے خدا کا لاکھ لاکھ شکر ادا کیا کہ اس قادر کارساز نے مرتے
دم یک دشمن سے بدلہ لینے کی طاقت اس کے ہاتھوں میں عطا فرمائی۔ اور
سکون قلب کے ساتھ خاتمہ بالخیر کیا۔

مرا ازور دادی کہ از مرگ پیش ۔ ازین بے وفا بستدم کین خویش۔
بگفت این و جانش برآمد زتن ۔ برو زار و گریان شد انجمن

رستم کا فوق البشر کردار

یہ جو کچھ قصہ ہوا اور رستم جیسے بھی دنیا سے
ہوا یا عالم وجود میں آیا۔ عام طریق کار سے
بہت کچھ مختلف اور معمولی طرز حیات سے غیر معمولی طور پر بالاتر ہے ان سب
خرق عادت واقعات کی ذمہ داری فردوسی پر نہیں بلکہ ادب کے اس
تخلیقی رجحان پر ہے کہ جس کی بدولت مافوق البشر کردار ہمارے ادب
میں راہ پاتے ہیں۔ صرف فردوسی یا موبدان وقت وہ ہاتین ۱۴۱ ان
ہی نے اپنی قومی رزمیہ داستانوں کے لیئے ایسے کردار منتخب نہیں کئے
ہیں۔ بلکہ ہوتا چلا آیا ہے کہ قدیم تواریخ اسی قسم کے کرداروں سے
بھری ہوئی ہوتی ہیں۔ مہابھارت کے ہندوستانی سورما۔ یا قدیم یونانی
لڑائیوں کے ہیرو سب اسی نمونہ کے انسان ہیں یونان کے مشہور
پہلوان ہرکلیز کی طاقت کا یہ عالم تھا کہ آٹھ مہینہ کی عمر میں اس
ان دو سانپوں کا گلا گھونٹ دیا کہ جو اس کے دشمنوں نے اس پر

حملہ کرنے کے لیے نیچے تھے۔ ہومر کے دو ایک کرداروں کا حال بھی دلچسپی سے خالی نہیں ہے:۔

"یہ نادرالوقت نوجوان ابھی نو مہینے کے بھی نہ ہوئے تھے کہ ان کا قد ۳۰ فٹ کے قریب تھا اور ان کے شانے ساڑھے تیرہ فٹ چوڑے تھے۔ ان کو اپنی قوت پر ناز تھا اور عالم بالا بھی ان کے سامنے کانپتا تھا۔ وہ خداؤں کو بھی مقابلہ کی دعوت دے دیا کرتے تھے اور عام انسانوں سے کافی مختلف اور ممتاز تھے۔"

مشہور یورپین رومانی شاعر کولریج کا "قصہ بیم جازران" اسی قسم کی چیز ہے حکیم ارسطو کا خیال ہے کہ ادبی تخلیق میں تخئیل کی رنگ آمیزی اور تاریخی پس منظر کے ساتھ ادبی نقاشی معیوب چیز نہیں ہے کیونکہ ادبی تخلیق اس ہی وقت اپنی بلکشی اور دل آویزی برقرار رکھ سکتی ہے کہ جب اپنے بناؤ سنگھار اور آرائش و زیبائش میں اس کو پورا اختیار دے دیا جائے۔ ہاں اگر واقعات اور صورت حالات حقائق حیات سے اتنے مختلف کر دیے جائیں کہ انسانی شکل و شباہت کا پہچاننا ناممکن ہو جائے اور کردار انسانی سے حیوان مطلق یا شیطان میں تبدیل ہو جائے تو یقیناً وہ تخلیق ادبی دنیا میں قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھی جا سکتی۔ اور سکہ رائجہ کی طرح ہر مجلس علم و محفل ادب میں ہاتھوں ہاتھ نہیں لی جا سکتی۔

فردوسی نے اپنے ہیرو رستم کی تخلیق اسی اصول کے ماتحت کی اور نہایت

لے EPHIALTES & OTUS

لے ODYSSEY-XI : 18-POPE

لے ANCIENT MARINER

کامیابی کے ساتھ تکمیل کو پہونچایا۔ تاریخی حقائق کو پس منظر میں لئے ہوئے قوت تخیلہ کے سحر کار قلم سے اس نے وہ گل کاریاں کیں کہ دنیا اور دنیا کے ادب نے اس کو قدر کی نگاہوں سے دیکھا اور قبول عامہ بقائے دوام کا تاج سر پر رکھا۔ فردوسی کو خود بھی اس کا احساس تھا اور شاہنامہ کی عظمت سے وہ بے خبر نہ تھا۔ چنانچہ ایک موقع پر کہتا ہے۔

چو این نامور نامہ آید بہ بن زمن روئے کشور شود پر سخن

ازین پس نہ میرم کہ من زندہ ام کہ تخم سخن را پراگندہ ام

فردوسی نے شاہنامہ نظم کر کے جس طرح رستم کو زندہ جاوید بنادیا اسی طرح رستم نے بھی فردوسی اور اسکی فکر رسا کو لازوال اور غیر فانی بنادیا۔ تخلیقی ادب میں کبھی وہ مقامات ہیں جہاں پہونچکر انسان خود مافوق البشر ہو جاتا ہے اور پست خیالوں سے دور بھاگنے لگتا ہے۔ وہ حقائق حیات سے کھیلتا ہوا جذبات انسانی کی آئینہ داریاں کرتا ہوا۔ بلند اور لطیف احساسات بشری کو معیاری انداز میں سلک نظم میں پروتا ہوا۔ دلکش مناظر حیات سے لطافت اندوزیوں کے ساتھ گزرتا ہوا ایسی فضائیں پہونچ جاتا ہے کہ جہاں پہونچنے کی تمنا میں غالب۔ نے کہا تھا۔

منظر اک بلندی پر اور ہم بنا سکتے عرش سے پرے ہوتا کاشکے مکاں اپنا

یہ عرش مکاں اور بلند آشیاں کردار نگار یا اس کا کردار پھر کسی مخصوص زبان یا محدود ادب کی ملکیت نہیں رہتا۔ بلکہ آفاقی حیثیت اختیار کر لیتا ہے۔ اور ہمیشہ کے لیئے غیر فانی اور حیات ابدی کا مالک بن جاتا ہے۔ ہر ملک کے ادب میں اس کی عزت کی جاتی ہے اور ہر تخلیقی ادب کا دلدادہ اس کا احترام کرتا ہے۔ وہ نوع انسان کی ملکیت ہوتا ہے اور کائنات بشری اس کی

محافظ و نگہبان۔

رستم کی تاریخی حقیقت

فردوسی کچھ ایسا صاف گو واقع ہوا ہے کہ وہ اپنے معرکہ آرا کردار رستم کی تاریخی حقیقت کو زیادہ نہ چھپا سکا اور آخر ایک موقع پر بول ہی اٹھا کہ:۔

منش کردہ ام رستم داستاں — دگر نہ یلے بود در سیستاں

اور سچ تو یہ ہے کہ "یلے ہم بود" تاریخی شہادتیں سامان یقین بہم پہنچا رہی ہیں کہ رستم محض ایرانی فوج کا ایک جنرل تھا جو ۱۳۵ء میں عربوں اور ایرانیوں کی فیصلہ کن لڑائی "جنگ قادسیہ" میں اہل عرب کے مشہور جنرل سعد ابن وقاص کے مقابلہ پر جنگ کرتا ہوا شکست کھا کر مارا گیا۔[1] گویا فردوسی سے تقریباً چار سو سال قبل رستم نے میدان جنگ میں کچھ کام کیا اور فتوحات عرب کے سلسلہ میں راہی ملک عدم ہو گیا۔

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا — جو چیرا تو اک قطرۂ خوں نکلا

تخلیقی ادب اور تاریخی چھان بین

اس موقع پر یہ بات قابل لحاظ ہے کہ مذاق صحیح کی زندگی کے لیے ضروری ہے کہ ادبی شاہکاروں کی تاریخی چھان بین کر کے تخیلی شیوا بیانیوں اور ادبی لطف اندوزیوں کو پھیکا اور خالص ادبی بھرم کو ہلکا نہ کیا جائے۔ اور "شعر مرا بمدرسہ کہ برد" کا الزام اپنے سر نہ لیا جائے کبھی کبھی اس قسم کی سائنٹفک موشگافی اور کرید اس مغربی خوردبینی کے مترادف ہو جاتی ہے جس کے متعلق حضرت اکبر الہ آبادی کہہ گئے ہیں

---

[1] لٹریری ہسٹری آف پرشیا براؤن۔ جلد اول صفحہ ۱۹-۱۹۷ بحوالہ

مغرب نے خوردبین سے کران کی دیکھی   مشرق کی شاعری کا مزا کرکرا ہوا

تاریخی تحقیق و تدقیق اپنی جگہ پر نہایت اہم اور کارآمد چیز ہے۔ لیکن اس کو یہ حق حاصل نہیں کہ آفاقی کرداروں اور ادبی شاہکاروں کی ہردلعزیزی میں کسی قسم کی کمی کا سامان فراہم کرے۔ ادب اور تاریخ دونوں اپنے اپنے محمل میں کام کرتے ہیں۔ اور دونوں کے راہوار سکر و خیال اپنے اپنے میدانوں میں جولانیاں دکھاتے ہیں۔ کہیں بال کی کھال نکالی جاتی ہے اور کہیں طوطے مینا بنا کر فضاؤں میں اڑائے جاتے ہیں۔ کبھی کبھی دونوں کا امتزاج متوازن سمجھوتہ کی شکل میں ظاہر ہوکر آسمان ادب پر ماہ نیم ماہ بن کر چمکتا ہے اور تاریخ و ادب کے شاہکاروں کو قبول عام و پسند خاص کا خلعت عنایت کرتا ہے۔ تاریخی چھان بین جو کچھ بھی نتائج نکالے لیکن اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ فردوسی کا "رستم داستان" یا "رستم داستان" ایک ایسا غیرفانی کردار ہے کہ جس کو آسانی سے خاک میں نہیں ملایا جا سکتا۔ فکر انسانی اس کی تخلیق پر جتنا ناز کرے کم ہے۔ اور دنیائے ادب میں اس کا جتنا چرچا ہو حق بجانب ہے۔

داستان سہراب و رستم اور آرنلڈ

جذبات انسانی کی صحیح آئینہ داری اور بلند معیاری زبان کی شستگی اور بیان کی برجستگی موضوع کی عظمت اور عنوان کی دلگدازی مزید برآں اسلوب بیان کی بادتاری یہی چند چیزیں ہیں جو کلام کو دقیع تر اور شاعری کو تنقید حیات اور ترجمانی کائنات بنا دیتی ہیں۔ میتھو آرنلڈ یورپین ادیبوں اور نقادوں میں ایک ایسا نقاد ادب ہے جو صرف اصولی بحثوں سے کام نہیں

بلکہ عملی طور پر نثر و نظم میں ایسے نمونے پیش کرتا ہے جو ہر حیثیت سے معیاری
اور آفاقی کہے جا سکتے ہیں۔ اس نے اپنی شاعری کے لئے ہمیشہ بلند معیار
موضوع۔ باوقار انداز بیان اور شائستہ زبان استعمال کی جس کی بدولت
وہ ایک خاص شہرت کا مالک بنا۔ ۱۸۵۳ء میں اس نے اپنی ایک نظم کے لئے
"داستان سہراب و رستم" کو عنوان بنایا۔ اور سلسلہ واقعات میں کچھ ردو بدل
کے بعد شاہنامہ کی اس زندہ جاوید داستان کو یورپین مستشرقین کے لئے
انگریزی میں پیش کیا۔ آرنلڈ کی داستان سہراب و رستم میں جذبات کی
آئینہ داری اور حریفان نبرد کی نفسیاتی تجزیہ نگاری پر زیادہ زور دیا گیا ہے
وہ خود طبعاً بے نیاز اور فطرتاً حیات انسانی سے گریزاں اور بیزار واقع ہوا
ہے۔ اس کو تمام انسانی کوششوں کی بے سود نمائشیں اور فضول امیدوں
کی موہوم تجلیاں لامتناہی مجبوریوں کی مسلسل تاریکیوں میں کھوئی ہوئی نظر
آتی ہیں۔ ہستی بشر اس کو چاروں طرف سے طوفان حوادث میں گھری ہوئی
دکھائی دیتی ہے تنہائی و بے سرو پائی کے سوا کوئی شریک کار و مددگار نظر
نہیں آتا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہر انسان ان بکھرے چھوٹے ٹاپوؤں
کی طرح جن میں سے ہر ایک کو چاروں طرف سے پانی نے گھیر رکھا ہو دیگر
افراد انسانی سے بالکل الگ اور غیر متعلق رہنے کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔
اور یکجا ہونے کے باوجود مل بیٹھنے کی اجازت اس کو نہیں دی گئی ہے۔
ایسے حالات میں ایک حساس انسان کی روح دنیا سے بھاگتی ہے اور
کارکنان قضا و قدر کو بھی اس کو تنہا ہی چھوڑ دینے میں لطف آتا ہے۔
اسی ان پر آرنلڈ کی نظم ختم ہوتی ہے اور زندگی کا مآل مایوسی اور عزلت گزینی

بتاتے ہوئے ذوق فنا سے لذت آشنا کرنے کی کوشش کرتی ہے ۔ فردوسی کے یہاں بھی رستم اور اس کا لخت جگر آخر میں تنہا رہ جاتے ہیں اور زندگی کی رنگین اداؤں سے مایوس ہو کر تقدیر الٰہی پر صابر و شاکر نظر آتے ہیں ۔ ایک مقبرہ میں آرام کرتا ہے اور دوسرا زابلستان چلا جاتا ہے اور زندہ در گور بن کر زندگی کے دن پورے کرتا ہے ۔ رفتہ رفتہ فطرت سکون خاطر کا سامان فراہم کر دیتی ہے اور زندگی اپنا دور حسب معمول جاری رکھتی ہے ۔

برستم برین روز چندے گزشت بگرد دلش شادمانی نگشت
باخر شکیبائی آورد پیش کہ جز آن نبی دید ہنجار خویش

نعمت اللہ روڈ ۔ لکھنؤ
۲۹ ۔ اگست ۱۹۴۸ء
مطابق ۲۳ ۔ شوال ۱۳۶۷ھ

عبدالاحد خلیل

خلاصہ
داستان سہراب و رستم

تمہید داستان کے سلسلہ میں قصہ سہراب و رستم بیان کرنے سے پہلے فردوسی کسی قدر جذبات کی دنیا میں کھویا ہوا نظر آتا ہے اور زمانہ کی نیرنگی نیز واقعات کی زنگارنگی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے موت کی کارفرمائیوں پر فلسفیانہ انداز میں اظہار خیال کرتا ہے۔ بقول اقبال

موت ہر شاہ و گدا اسکے خواب کی تعبیر ہے ۔ اس ستمگر کا ستم انصاف کی تصویر ہے

وہ قتل سہراب کو فطرت کا کھیل بتاتا ہے اور موت کو حسین خوابوں کی ہولناک تعبیر۔ اس کو سہراب کی تعمیر میں ابتدا ہی سے خرابی کی صورتیں مضمر نظر آتی ہیں اور وہ اس قسم کے واقعات سے عبرت حاصل کرنے کی ہدایت کرتا ہے۔ آخر میں بطور نتیجہ اس منزل پر پہونچتا ہے کہ

دل اندر سرائے سپنجی مبند ۔ سپنجی نباشد بسے سودمند

اسکے دل میں طرح طرح کے خیالات موجزن ہوتے ہیں وہ سوال کرتا ہے کہ اگر اتفاق سے تیز ہوا چلنے لگے اور اسکے سخت جھونکوں کی تاب نہ لاکر کچھ کچے ترنج بھی درخت سے نیچے گر پڑیں تو ہوا کا یہ فعل انصاف کہا جائے یا انصافی۔ اس کو اچھا کہا جائے یا بُرا۔ اگر موت انصاف ہے تو ناانصافی کس چیز کا نام ہے۔ اور اگر یہی انصاف ہے تو اس کے خلاف لوگوں کا یہ شور و غل کیسا۔ پھر موت اور زندگی

و کے سربستہ رازوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔

ازیں راز جاں تو آگاہ نیست   بدیں پردہ اندر ترا راہ نیست

بات یہ ہے کہ چونکہ انسان نہایت حریص واقع ہوا ہے اسلئے یہ راز اس پر کھولا ہی نہیں گیا۔ ممکن ہے کہ دوسری دنیا میں پہونچکر وہ ان حقائق سے واقف کردیا جائے۔ اور اس کی جان اس کشمکش سے نجات پاجائے۔ پھر وہ موت کی اہمیت کو ظاہر کرتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ اگر دنیا میں موت نہ ہوتی اور توالد و تناسل کا سلسلہ یونہی جاری رہتا تو زمین پر رہنے بسنے کو تو کیا انسان کو کھڑا رہنے کو بھی جگہ میسر نہ آتی۔

اگر مرگ کس را نیو بار دے   ز پیر و جوان خاک بسیار ئے

اگر آگ جلائے تو اس میں تعجب کی کیا بات ہے۔ اس کی تو فطرت ہی یہی ہے۔ بھڑکتی ہوئی آگ ہری شاخوں اور خشک ٹہنیوں میں فرق نہیں کیا کرتی۔ موت کی آگ بھی اسی طرح بوڑھے بچے میں تمیز کرنے سے قاصر ہے۔ پھر بھلا جوانوں کے لیئے جوانی میں کیا خوشی ہو سکتی ہے اور زندگی کا طلسم کہاں تک نظر بندیاں قائم رکھ سکتا ہے۔ وقت آنے پر موت کے سامنے چون و چرا کرنے یا تعمیل حکم میں ایک لمحہ کی تاخیر کرنے کی کوئی ہمت نہیں رکھتا۔

اس کے بعد دنیا کی بے ثباتی اور انسان کی پریشان خیالی کا حل مذہب میں تلاش کرتے ہوئے فردوسی کہتا ہے کہ مذہبی تعلیم

ہو ایمان کا تقاضہ ہے کہ ان معاملات میں زبان بند رکھی جائے اور عاقبت کی فکر کی جائے۔ شیطانی وسوسوں کو دل میں نہ آنے دیا جائے اور کوشش کی جائے کہ خاتمہ ایمان اور اسلام پر ہو۔

بہ گیتی در آن کوش چون بگزری — سرانجام اسلام باخود بری

اس تعارف کے بعد فردوسی داستان سہراب و رستم شروع کرتا ہے۔

ایک روز رستم نے دل بہلانے کی خاطر صبح ہی سے سیر و شکار کا اہتمام شروع کیا اور اپنے رخش پر سوار ہو کر توران کی طرف چلا۔ اس علاقہ میں پہونچکر رستم نے چند گورخر شکار کیے اور جنگل میں لکڑیاں جمع کر کے ان میں سے ایک کو کباب کیا۔ پھر اچھی طرح کھا پی کر خود تو آرام کرنے لیٹ گیا اور گھوڑے کو چرنے کے لیے کھلا چھوڑ دیا۔

رستم ابھی سو ہی رہا تھا کہ تاتاری خانہ بدوشوں کا ایک گروہ گھومتا ہوا ادھر آ نکلا۔ اتنا خوبصورت گھوڑا آزاد پھرتا دیکھ کر ان کا جی للچایا۔ اور وہ اس کو پکڑنے کی کوشش کرنے لگے۔ کچھ لوگ بری طرح زخمی ہوئے اور دو ایک گھوڑے کی لاتوں اور دانتوں کی بدولت جان بحق ہو گئے۔ لیکن آخر میں وہ گھوڑے کو پکڑ لینے میں کامیاب ہو گئے اور خوش خوش اس کو اپنے گھر کی طرف لے چلے۔

رستم جب بیدار ہوا تو گھوڑے کو وہاں نہ پاکر سخت متفکر ہوا۔

وہ سمجھ گیا کہ کوئی اس کو چرا کر لے گیا ہے۔ ورنہ خود گھوڑا اس کو چھوڑ کر
جانے والا نہ تھا۔ چنانچہ گھوڑے کی زین اپنی پیٹھ پر لاد کر اس کے
نقش قدم کا پتہ لگاتا ہوا وہ سمنگان کی طرف چلا۔ جو توران کی سرحد
پر ایک چھوٹی سی ریاست تھی۔

چنین است رسم سرای درشت — گہی پشت زین و گہی زین بہ پشت
پر از جوش بر داشت رہ بر گرفت — پر اندیشہ با دل اندر گرفت

چو نزدیک شہر سمنگان رسید — خبر زو بشاہ و بزرگان رسید
کہ آمد پیادہ گو تاج بخش — بہ نخچیر گہ زو رمیدہ است رخش

خبر پاتے ہی شاہ سمنگان بنفس نفیس اس کے استقبال کو گیا اور پیدل
اس کی خدمت میں حاضر ہو کر شاہی محل میں چلنے کی درخواست کی۔ بادشاہ
کا یہ برتاؤ دیکھ کر رستم راضی ہو گیا اور اسکے ہمراہ چلا آیا۔ اپنے گھوڑے
کے چوری جانے کا اس کو سخت افسوس تھا اور رہ رہ کر چرانے والوں
پر اس کو غصہ آتا تھا۔ شاہ سمنگان کو اس نے صاف صاف بتا دیا کہ
گھوڑے کے نقش قدم بتاتے ہیں کہ سمنگان ہی کے لوگوں نے اس
کو پکڑا ہے۔ اگر اس کے گھوڑے کا جلد از جلد پتہ نہ چلا تو اچھا نہ ہوگا
شاہ سمنگان نے بڑی نرمی اور سہولت سے اس کو سمجھایا۔

کہ تیزی و تندی نیاید بکار — بہ نرمی بر آید ز سوراخ مار

وہ ہرگز کبیدہ خاطر نہ ہو۔ بہت جلد اس کا گھوڑا ڈھونڈ
نکالا جائے گا۔

شاہ سمنگان کی خاطر مدارات اور طرز کلام سے رستم کا غصہ کسی قدر ہلکا ہو گیا اور وہ شاہی مہمان بن کر کچھ دن کے لیئے وہاں ٹھہر گیا۔ بادشاہ نے رخش کی سراغ رسانی کے لیئے سخت احکامات جاری کر دیئے، اور فوراً ہر طرف تلاش شروع ہو گئی۔ اس کے علاوہ ریاست میں رستم کی آمد کی خوشی میں ایک زبردست دعوت کا بندوبست کیا گیا جس میں ناؤ نوش اور رقص و سرود کا پورا انتظام تھا۔

یکے بزم خرم بیاراستند زترکان چینی قدح خواستند

محفل عیش و نشاط کے بعد جب سونے کا وقت آیا تو ایک نہایت سجی سجائی شاندار خواب گاہ میں اس کو آرام کرنے کو کہا گیا۔ رستم چونکہ کافی تھکا ہوا تھا لہذا لیٹتے ہی سو گیا۔ پہر رات گئے اس کو ایک حسین خواب نے بیدار کر دیا۔ دیکھتا کیا ہے کہ اس کے سرہانے ایک ماہرو شہزادی کھڑی ہے اور ایک لونڈی ہاتھ میں عنبرین چراغ لیئے ساتھ ہے۔ شہزادی کے حسن و جمال کو دیکھ کر رستم حیران رہ گیا۔

دو ابرو کمان و دو گیسو کمند بہ بالا بکردار سرو بلند

لبان از طبرزد زبان از شکر دہانش مکلل بدر و گہر

رستم نے اس سے اس بے وقت آمد کا سبب دریافت کیا جواب ملا کہ میں شہزادی تہمینہ ہوں۔

کس از پردہ بیرون ندیدہ مرا نہ ہرگز کس آوا شنیدہ مرا

میں نے کبھی گھر سے باہر قدم نہیں نکالا اور نہ کسی غیر نے کبھی

میری آواز سنی لیکن تیری شہرت اور کارناموں کی عظمت نے آج مجھے پابزنجیر یہاں لاکھڑا کیا ہے۔ رستم نے بلا کر پاس بٹھا لیا اور باتیں ہونے لگیں۔

برخویش خواندش چو سرو رواں   خراماں بیامد بر پہلواں
بفرمود تا موبدے پر ہنر   بیاید بخواہد ورا از پدر

تہمینہ نے شادی کی درخواست کچھ اس انداز میں کی کہ رستم کو منظور کرنے ہی بن پڑی۔ چنانچہ صبح کو باقاعدہ رستم کی کتخدائی کا پیغام شاہ سمنگان کو دیا گیا۔ اس نے فوراً بخوشی منظور کر لیا اور شہزادی سے شادی ہو گئی۔

رشتہ عروسی کے بعد رستم زیادہ دن وہاں نہ ٹھہرا ادھر اس کا گھوڑا بھی مل گیا تھا۔ چنانچہ رخصت ہونے سے پہلے اس نے تہمینہ کو اپنے بازو کا مہرہ دے کر کہا کہ میں تم کو یہ نشانی دیتا ہوں اگر لڑکی پیدا ہو تو اس کے بالوں میں بطور تعویذ لٹکا دینا اور اگر لڑکا پیدا ہو تو اس کے بازو پر بطور باپ کی نشانی کے باندھ دینا۔ دوسرے دن وہ اپنے رخش پر سوار ہو کر سیستان اور زابلستان کی طرف چلا گیا۔ سمنگان کی مہمان نوازی اور تہمینہ کی محبت اس کو اکثر یاد آتی رہی۔ لیکن اس نے کسی سے تذکرہ نہ کیا اور ان سب واقعات کو پردۂ راز ہی میں رکھا۔

تہمینہ کو رستم کی جدائی بہت شاق گزری۔ لیکن مجبور تھی۔ آخر نو مہینہ کے بعد اس کے یہاں ایک نہایت خوبصورت لڑکا پیدا ہوا جس کا نام سہراب رکھا گیا۔ سہراب کی تندرستی کا یہ عالم تھا کہ ایک

مہینہ بعد وہ قد و قامت میں ایک سال کا معلوم ہوتا تھا۔

چو یک ماہ شد ہمچو یک سال بود　　برش چون بر رستم زال بود

اور جب اس کی عمر دس سال کی ہوئی تو ساری مملکت میں اس کے مقابلہ کا کوئی خوش رو جوان ڈھونڈے سے نظر نہ آتا تھا۔

بہ تن ہمچو پیل و بچہرہ چو خون　　سطبر ہش دو بازو بسان ستون

بہ تنگ در دویدے پئے بادپائے　　گرفتے دم اسپ ماندے بجائے

آخر ایک روز سہراب نے اپنی ماں سے ذرا بگڑ کر دریافت کیا۔ کہ اگر لوگ میرے باپ کا نام مجھ سے دریافت کریں تو میں کیا جواب دوں کیونکہ میں یقیناً یہاں کے لوگوں اور خاندان کے دوسرے بچوں سے بہت مختلف ہوں۔

تہمینہ نے اس کو بتایا کہ تیرے باپ کا نام رستم ہے جو ساری دنیا میں مشہور ہے اور جس کے مقابل کوئی پہلوان آج تک روئے زمین پر پیدا نہیں ہوا۔ اسی سلسلہ میں تہمینہ نے رستم کا خط اور وہ سب تحائف بھی سہراب کو دکھلائے جو اس نے ایران سے بھیجے تھے۔ اور یہ بھی بتایا کہ میں نے تیری پیدائش کی خبر کے بجائے یہ کہلا بھیجا ہے کہ میرے یہاں لڑکی پیدا ہوئی ہے تہمینہ نے اس غلط اطلاع دینے کا راز بھی اس کو بتا دیا باپ کا نام سن کر سہراب کے دل میں اس سے ملنے کا بیحد اشتیاق پیدا ہوا لیکن ماں نے سمجھا بجھا کر اس کو روک دیا۔ تہمینہ نے سہراب کو سمجھایا کہ اگر رستم کو معلوم ہو گیا کہ تم

اسلئے کہ لڑکے ہو تو وہ تم کو میرے پاس سے لے جائے گا اور اپنے
پاس رکھ کر پرورش کرنے گا۔ اس طرح تم سے تمھارا وطن چھوٹے گا
اور مجھ سے میرے دل کا سکھ چین۔ دوسرے تمھارے پیدا ہونے
کو راز میں رکھنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اگر توران کے بادشاہ
افراسیاب کو پتہ چل گیا کہ تم رستم کے لڑکے ہو تو وہ تم کو زندہ نہ چھوڑے
گا کیونکہ وہ رستم اور اس کے خاندان کا جانی دشمن ہے۔ ان حالات
میں بہتر یہی ہے کہ ابھی تم خاموش رہو اور گھر ہی پر آرام کرو۔

سہراب راضی ہو گیا اور اس نے راز کو فاش نہ کرنے کا عہد
کیا۔ لیکن رستم سے ملنے کا اشتیاق برابر بڑھتا رہا اور اس نے کہا کہ
وہ خود رستم سے ملنے جائے گا اور تاتاریوں کے بڑے سے بڑے
لشکر کا مقابلہ کرے گا۔ کیا ایران اور کیا توران وہ کسی ملک میں
کسی سرکش کو زندہ نہ چھوڑے گا۔ وہ کاؤس کو تخت سے اتارے
گا اور طوس پر قبضہ کر کے رستم کو وہاں کا بادشاہ بنائے گا۔ ایران
سے فرصت پا کر وہ توران کا رخ کرے گا۔ اور افراسیاب پر
چھاپہ مارے گا غرضکہ اس کے اور اسکے باپ رستم کے ہوتے کوئی دوسرا
بادشاہ پنپنے نہ پائے گا۔

جو رستم پدر باشد و من پسر به گیتی نماند کسے تاجور

جب ان ارادوں کو عملی جامہ پہنانے کا وقت آیا تو سہراب
نے اپنی سواری کے لیے گھوڑا تلاش کیا۔ شاہ سمنگان کے اصطبل

میں کوئی گھوڑا سہراب کی سواری کے لائق نہ نکلا۔ آخر بڑی مشکل سے ایک گھوڑا اس کو پسند آیا جو رستم کے رخش سے پیدا تھا۔ سہراب کے جنگی ارادوں کا حال سن کر ہر طرف سے لوگوں کی ایک زبردست فوج اس کے ساتھ ہو گئی۔ اور اس نے ایران پر چڑھائی کا انتظام کرنا شروع کر دیا۔

افراسیاب کو تہمینہ اور رستم کے رشتہ عروسی اور سہراب کے پیدا ہونے کی خبر پہونچ چکی تھی۔ اب جو فوجی تیاریوں کی اطلاع ملی تو اس نے موقعہ کو غنیمت سمجھا اور ہومان و بارمان دو آزمودہ کار سرداروں کی سرکردگی میں اپنی منتخب فوج سہراب کی امداد کیلئے بھیجنے کا حکم دے دیا۔ افراسیاب نے سہراب کو کہلا بھیجا کہ کاؤس ہم کا سخت دشمن ہے لہذا وہ کاؤس کے خلاف صف آرائی میں دل و جان سے شریک ہے۔ ساتھ ہی ساتھ خفیہ طور پر اس نے اپنے سرداروں ہومان اور بارمان کو ہدایت کر دی کہ اس طرح انتظام کرنا کہ

پسر را نباید کہ داند پدر ز پیوند جان و ز مہر و گہر

رستم اور سہراب آپس ہی میں لڑ جائیں اور اس طریقہ سے مقابل ہوں کہ ایک دوسرے کو پہچانتے نہ پائیں۔

بادشاہ سے پوری طرح خفیہ ہدایتیں اور سہراب کے لیے خط اور تحائف لے کر جب ہومان وہاں پہونچا تو سہراب کی ہمت

اور بھی دوچند ہوگئی۔ اور اس نے بڑے زور و شور کے ساتھ ایران پر لشکر کشی کا حکم دے دیا۔ تھوڑی دور چل کر راستہ میں ایک قلعہ پڑتا تھا جس میں اپنے وقت کا مشہور پہلوان ہجیر بطور قلعہ دار اور محافظ رہا کرتا تھا۔ سہراب کے لشکر کو مقابلہ کے لیے آتا دیکھ کر وہ تنہا قلعہ سے باہر نکل آیا اور جنگ پر آمادہ ہوا۔ حملہ آوروں کی فوج میں سے مقابلہ پر آنے کی کسی کو ہمت نہ ہوئی۔ یہ رنگ دیکھ کر سہراب خود ہی مقابل ہوگیا۔ تھوڑی دیر باقاعدہ جنگ کے بعد سہراب نے ہجیر کو گھوڑے کی پیٹھ سے اٹھا کر زمین پر دے ٹپکا۔ خنجر نکال کر وہ اس کا سر کاٹنا ہی چاہتا تھا کہ ہجیر نے نہایت عاجزی سے جان بخشی چاہی۔ سہراب نے فراخ دلی سے معاف کردیا اور گرفتار کرکے ہومان کے پاس بھیج دیا۔

قلعہ کے اندر سے گژدہم کی لڑکی گردآفرید نے جو یہ ماجرا دیکھا تو غصہ میں آپے سے باہر ہوگئی۔ اور سہراب سے بدلہ لینے مردانہ لباس میں باہر نکل آئی۔ اس نے اپنے گیسو فولادی خود اور زرہ کے اندر چھپا لیے اور سہراب سے مبازرت طلب ہوئی۔ اس کو دیکھ کر سہراب مسکرایا۔ گردآفرید نے تیزی سے تیر برسانا شروع کیے پھر نیزہ اور تلوار کے ہاتھ دکھائے۔ اس نبرد آزمائی میں گردآفرید کے سر سے خود اتر گیا اور اس کی تابدار زلفیں چہرہ پر بکھر گئیں۔

رہا شد ز بند زرہ موے او درخشاں چو خورشید شد روے او

یہ رنگ دیکھ کر سہراب کا طرزِ عمل اس کی طرف سے بدل گیا اور اس نے کمند پھینک کر گرد آفرید کو گرفتار کر لیا اور فخر کرتے ہوئے کہنے لگا۔

نیامد بدامم بسانِ تو گور ز چنگم رہائی نیابی مشور

گرد آفرید نے نہایت بھولے پن اور عاجزی کے ساتھ سہراب سے درخواست کی کہ وہ چپکے سے فوراً اسے قلعہ واپس جانے دے ورنہ اس میں اس کی سخت بدنامی ہو جائے گی۔ لوگ کہیں گے کہ سہراب ایک عورت سے مقابلہ کرنے پر فخر کرتا ہے اور جنس نازک سے لڑ کر بہادر بنتا ہے۔ ویسے قلعہ کا خزانہ اور سب زر و جواہر اس کے ہیں اور وہ اس کی کنیز اور تابع فرمان ہے۔

سہراب اپنی ناتجربہ کاری نوعمری اور کچھ دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر گرد آفرید کی باتوں میں آگیا اور اس کے انداز کلام اور حسن ادا سے ایسا متاثر ہوا کہ گرد آفرید کو قلعہ واپس جانے کی اجازت دے دی قلعہ کے اندر داخل ہوتے ہی گرد آفرید کا رخ بدل گیا اور اس نے سہراب کو سخت مایوس کر دیا۔ یہ کیفیت دیکھ کر سہراب برہم ہو گیا اور اس نے قسم کھائی کہ جب تک وہ قلعہ کی اینٹ سے اینٹ نہ بجادے گا اور گرد آفرید کو گرفتار نہ کرے گا دم نہ لے گا قلعہ میں بخیریت پہونچتے ہی گرد آفرید اور اسکے باپ گژدہم نے اپنے سردار اور مشیروں سے مشورہ کر کے رات ہی رات میں بادشاہ کو پورے

حالات سے باخبر کرنے کے لیئے ایک مفصل خط روانہ کیا اور پوری فوج
اور خزانہ خفیہ راستوں سے باہر نکال دیا خود بھی مع سب کے چھپ
کر نکل گئے۔ دوسرے دن سہراب جب قلعہ کے دروازہ پر پہونچا
تو وہاں میدان صاف تھا۔ سہراب کو اپنی حماقت پر سخت ندامت ہوئی
اور گردآفرید کے ہاتھ سے نکل جانے پر جگر تھام کر رہ گیا کل کے
واقعہ کا اس کے دل پر گہرا اثر تھا اور وہ سخت غمزدہ اور تنگدل ہونے لگا۔

زہے چشم بندی کہ آں پر فسوں ۔ بہ تیغم نجست و مرا ریخت خوں
مرا تلخ شد زندگی بے رخش ۔ تنم شد اسیر شکم یا بخش...

ہومان کو اگرچہ اس واقعہ کی اطلاع نہ تھی ۔لیکن...
اور انداز کلام سے پہچان گیا کہ اس کا دل کھیر...
ہوشیاری سے اس نے طرح طرح ک...
بجھایا اور گردآفرید کا خیال ا...
ادھر گردآفرید اور اس ...
دربار میں پہونچا اور و...
حیرت انگیز قسم کا...
جس کا مقابلہ...
کہ ابھی اس کی...
ہو چکا ہے ا...
اور اس...

زابلستان بھیجا۔ گیو کو کاؤس نے اچھی طرح سمجھا دیا تھا کہ جہاں تک ہو سکے
جلد واپس آئے اور کسی نہ کسی طرح رستم کو اپنی طرف سے جنگ پر آمادہ کرلائے
کاؤس نے رستم کی بہت کچھ تعریف و توصیف کے بعد خط میں سہراب کے
حملہ کا مفصل حال لکھا تھا اور بتایا تھا کہ ایران کی یہ مصیبت تمھارے سوا
اب کسی کے دور کئے دور نہیں ہو سکتی۔ تم نے مازندران فتح کیا اور ہاماوران
کے بادشاہ کو تباہی سے بچایا۔ برے وقت میں ایران کے کام
آنے والا کوئی اور نظر نہیں آتا ہے اور تمھاری بدولت اپنے تخت د
ت و عظمت قائم ہے۔ آخر میں نہایت عاجزانہ درخواست
جلد مدد کے لیے آجائیے۔ ورنہ پانی سر سے گزر
ایران کی تباہی آنکھوں کے سامنے ہے۔

دگر خود بپائی زمانے مپائے

ید سوالات کرنا شروع کیے
دت بطور طریق اور
ملتا ہے تفصیلات
ا ہے۔ لیکن فوراً
دا ہوئی تھی
حط اور عجلت
سامنے آجاتی
ے روانگی پر

آمادہ نظر نہ آتا۔ اس نے اور آدمیوں سے بھی مشورہ کیا لیکن کوئی ٹھیک ٹھیک اس پہلوان کا نام و نشان نہ بتا سکا بالآخر شاہی زمان کا خیال نہ کرتے ہوئے اس نے شراب و نغمہ طلب کیا اور بزم آرائیوں میں مصروف ہو گیا۔

بیا شیم و یک روز دم در زنیم   یکے برلب خشک نم برزنیم

یہ سلسلہ کچھ ایسا چلا کہ چار روز برابر محفل رقص و سرود اور سلسلہ ناؤ نوش قائم رہا۔ پانچویں دن گیو کے بہت اصرار پر رستم اپنے بھائی زوارہ اور جرار زابلی لشکر کے جنگ کیلئے روانہ ہوا۔ اس نے پہلے شاہی دربار میں حاضری دی۔ کاؤس کو رستم پر بے حد غصہ آرہا تھا کہ اس نے تعمیل حکم میں اتنی تاخیر کیوں کی۔ چنانچہ بگڑ کر کاؤس نے گیو کو حکم دیا کہ رستم کو سولی پر چڑھا دے۔ گیو کو اس اقدام میں تکلف ہوا تو اس نے طوس کو حکم دیا کہ دونوں کو زندہ دار پر چڑھا دیا جائے۔ جیسے ہی طوس نے رستم پر ہاتھ ڈالا۔ رستم نے ایک ایسا جھٹکا دیا کہ طوس منہ کے بل زمین پر آرہا۔ اور رستم سخت غضب ناک ہو کر الگ جا کھڑا ہوا۔ دربار سے روانہ ہونے سے پہلے اس نے بادشاہ کاؤس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا "اے کم ظرف اور بزدل انسان ذرا عقل سے کام لے اور آگ سے کھیلنے کی کوشش نہ کر۔

من آن رستم زال نام آورم   کہ از چون تو شہ خم نگیرد سرم

ایسا ہی تجھے لڑنا ہے تو جا اور یہ غصہ سہراب کو دکھا۔ اگر ہمت ہے تو اس کو دار پر چڑھانے کی کوشش کر۔ میرے غصہ کی آگ کے سامنے کاؤس کی کیا حقیقت ہے۔ مجھے ایک مٹی کے تودے سے کیا ڈرنا۔

چرا دارم از خشم کاؤس باک   چہ کاؤس پیشم چہ یک مشت خاک

میں تو صرف خدا سے ڈرتا ہوں اور اسی کی امداد کی بدولت کامیابیاں حاصل کیا کرتا ہوں۔ دنیا کے لوگوں نے میرے سر پر تاج شاہی رکھنا چاہا لیکن میں نے ملکی قوانین کو توڑنے اور نمک حلالی کے اصولوں سے منہ موڑنے کا کبھی قصد نہ کیا اگر میں نے کبھی تخت و تاج کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی دیکھا ہوتا تو آج یہ عزت و وقار تیرے حصہ میں نہ آتا۔ تعجب ہے کہ مجھ جیسے وفادار مخلص اور خیر خواہ پر غصہ کرنے کی آخر تجھے ہمت ہوئی کیسے۔ سچ ہے میں اسی برتاؤ کا مستحق تھا۔ اے احسان فراموش بادشاہ! میں نے تیرے ساتھ ہمیشہ غیر معمولی سلوک کئے اور ہر جنگ میں بیش بہا خدمات انجام دیں لیکن تو نے ذرا بھی قدر دانی نہ کی۔ اب اس کا انجام دیکھ لینا۔" اس کے بعد رستم ایرانی قوم کو مخاطب کرتے ہوئے یہ کہہ کر وہاں سے چلدیا کہ "اب تم سب اپنی اپنی خیر مناؤ۔ اور ملک کو دشمن سے بچانے کی فکر کرو۔

شما ہر یکے چارہ جان کنید   خرد را بدین کار درمان کنید

سارے وہ باری گھبرا گئے اور ملک پر نازل ہونے والی بربادی کا خیال کر کے کانپ اٹھے۔ اب جو کچھ رہی سہی امیدیں ہوسکتی تھیں وہ گودرز ہی سے ہوسکتی تھیں۔ کیونکہ وہ بادشاہ کا بڑا مشرب تھا اور رستم بھی اسکی بڑی عزت کرتا تھا۔ گودرز کے بیچ میں پڑ جانے سے بادشاہ کا غصہ جلد ہی ٹھنڈا پڑ گیا۔ پھر وہ رستم کے پاس پہونچا اور اسکو نہایت خوشامدانہ انداز میں سمجھانے بجھانے لگا " آپ جانتے ہیں کہ کیکاؤس نہایت احمق انسان ہے وہ ذرا سی بات پر بھڑک اٹھتا ہے

تو دانی کہ کاؤس را مغز نیست　　بہ تیزی سخن گفتنش نغز نیست

لیکن اب اس کو اپنے کئے پر سخت ندامت ہے۔ تم بھی گذشتہ ناخوش گواریوں کو بھلا کر اپنے ملک کو تباہی سے بچالو۔ ورنہ ساری کی ساری قوم برباد ہو جائے گی اور کوئی رونے اور رحم کھانے والا بھی نہ ہوگا " اتنے کہنے سننے پر بھی جب رستم کا غصہ پوری طرح فرو نہ ہوا تو گودرز نے دوسری چال چلی اور کہنا شروع کیا " اس آڑے وقت میں اگر تم ایران کی مدد نہیں کروگے۔ تو تمھاری شہرت پر بھی آنچ آنے کا اندیشہ ہے لوگ کہیں گے کہ رستم ایک نوخیز بچے سے ڈر گیا۔ مقابلہ پر نہ آیا اور سارے ملک کو برباد ہو جانے دیا "

گودرز کی تقریر کا اثر حسب دلخواہ ہوا اور رستم دوبارہ کاؤس کے دربار میں جانے پر راضی ہو گیا۔ رستم کے وہاں پہونچنے پر کاؤس نے بڑے تپاک سے تخت شاہی سے اتر کر اس کا استقبال کیا۔

اور پچھلے ناخوش گوار واقعات کے لیے معذرت چاہی

چو از دور شہر دید بر پائے خاست   بسے پوزش اندر گزشتہ بخواست

جواب میں رستم نے دل و جان سے مدد کرنے اور اس کی مرضی پر کام کرنے کا وعدہ کیا۔ چنانچہ اس خوشی میں کاؤس نے ایک زبردست دعوت کی اور دل کھول کر خوشی منائی۔ دوسرے دن رستم پوری ایرانی فوج لے کر سہراب سے جنگ کرنے روانہ ہوا۔ کاؤس کی بے شمار فوج جب مقابلہ پر آئی تو قلعہ کے دربان نے فوراً سہراب کو خبر پہونچائی کہ دشمن امنڈ کر آ گیا ہے۔ سہراب خود وہاں پہونچا اور ایرانی لشکر کو دیکھ کر ہومان سے کہنے لگا۔ کہ ذرا اس ٹڈی دل کو دیکھنا۔ تاتاری سردار پہلے ہی سے حواس باختہ ہو رہا تھا۔ سہراب نے اس کو اطمینان دلایا کہ گھبرانا نہیں۔ میرے مقابلہ کا ان میں ایک بھی نہیں ہے۔ پھر دیدگاہ سے نیچے اتر کر شیشہ و ساغر طلب کیا اور اپنی قوت بازو پر بھروسہ رکھتے ہوئے اور آئندہ فتحمندیاں یقینی سمجھتے ہوئے اپنے سرداروں کے ساتھ بادہ پیمائی اور انجمن آرائی میں مصروف ہو گیا۔

ادھر ایرانیوں نے اپنی فوج قلعہ کے سامنے میدان میں جمائی۔ اور رستم کاؤس سے اجازت لے کر دشمن کی فوجی طاقت اور انفرادی طور پر سرداروں کی کیفیت کا پتہ چلانے خود بھیس بدل کر قلعہ میں پہونچا۔ اور چھپ کر ایک طرف کو اندھیرے میں کھڑا ہو گیا۔ اسنے دیکھا کہ سہراب

بیچ میں بیٹھا ہے اور اس کے داہنے بائیں سب نامور پہلوان جمع ہیں۔ شراب کا دور چل رہا ہے اور ہر شخص اپنے اپنے رنگ میں مست ہے۔ اتنے میں کسی ضروری کام سے ژندہ رزم محفل سے اٹھ کر باہر آیا۔ ایک اجنبی قوی ہیکل انسان کی پرچھائیں دیکھ کر اس کو شبہ گزرا اور اس نے للکار کر پوچھا کہ تو کون ہے۔ جواب میں رستم نے اس کی گردن پر ایک ایسا گھونسہ رسید کیا کہ وہ وہیں کا ہو رہا۔

ژندہ رزم سہراب کا ماموں تھا اور رستم کو اچھی طرح پہچانتا تھا۔ سمنگان میں رستم کے قیام کے زمانہ میں بے تکلفانہ طور پر وہ رستم کے ساتھ رہ چکا تھا۔ تہمینہ نے خاص طور پر اس کو اسی وجہ سے سہراب کے ہمراہ کر دیا تھا کہ وہ وقت پر سہراب کو بتا دے کہ یہ رستم ہے اور بیٹے کو باپ کے پہچاننے میں دقت نہ ہو۔ ژندہ رزم کا کام تمام کرنے کے بعد رستم اپنے خیمہ گاہ کی طرف چل کھڑا ہوا۔ ژندہ رزم جب کافی دیر تک محفل میں واپس نہ آیا تو سہراب کو فکر ہوئی اتنے میں دوسرا پہلوان باہر نکلا اور وہ ژندہ رزم کا حسرت ناک حشر دیکھ کر حیران رہ گیا۔ جب سہراب کو اطلاع ہوئی تو اس کو بیحد رنج ہوا اور اس نے خود جا کر ژندہ رزم کو بغور دیکھا اور سمجھ گیا۔ کہ کوئی دشمن کا جاسوس یہاں پہونچکر یہ کام کر گیا ہے۔ اس نے سب کو ہوشیار کیا کہ ساری رات پوری نگرانی رکھیں۔ انشاء اللہ صبح وہ ایرانیوں سے بالخصوص کاوس سے ژندہ رزم کے خون کا بدلہ لینے جائے گا۔ اور سب گستاخیوں کا

تہ چکھائے گا۔

اگر یار باشد جہان آفریں — چو نعل سمندم بساید زمیں
ز ترک زمیں برکشائم کمند — نخواہم ز ایرانیاں کیں ثرند

ادھر رستم نے واپس جا کر کاؤس سے سب حال کہہ سنایا۔ اس نے سہراب کے متعلق بتایا کہ وہ قد و قامت میں سرو کی طرح ہے۔ اب تک کوئی تاتاری اس شکل و صورت کا پیدا نہیں ہوا۔ کیا توران کیا ایران کہیں بھی اس شان و شوکت کا نوجوان نظر نہیں آتا۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ جیسے سام چلا آرہا ہے۔

کہ ہرگز ز ترکاں چنیں کس نخاست — بکردار سرو یست بالاش راست
ز ایران و توران نماند بکس — تو گوئی کہ سام سوار است وبس

سہراب کو ساری رات سخت بے چینی میں گزری۔ صبح ہوتے ہی وہ پوری طرح مسلح ہو کر قلعہ میں ایک بلند مقام پر جا کھڑا ہوا جہاں سے کہ ایرانی فوج صاف نظر آرہی تھی۔ اس نے ہجیر کو اپنے پاس بلوایا اور سہولیت میں اس سے کہا کہ اگر وہ اس کی باتوں کا صاف صاف جواب دے گا تو وہ اس کو رہا کر دے گا۔ ورنہ حشر معلوم۔ راضی نظر آیا۔ سہراب نے اس سے سوالات کرنا شروع کئے۔

" اچھا وہ بالکل بیچ میں شاندار رنگین خیمہ گاہ کس کا ہے جس کے سامنے سینکڑوں ہاتھی بندھے ہوئے ہیں اور جس پر سنہرا آفتاب لہرا رہا ہے "

"وہ بادشاہ کاؤس کا فرودگاہ ہے"
"اچھا داہنی طرف وہ سیاہ رنگ کا خیمہ کس کا ہے"
"وہ طوس پہلوان کا قیام گاہ ہے"
"اچھا وہ سرخ رنگ کا خیمہ کس کا ہے"
"وہ گودرز کا ہے"
اچھا وہ سبز خیمہ گاہ کس کا ہے جس پر کاویانی جھنڈا لہرا رہا ہے
اور جہاں سامنے تخت پر ایک نہایت شاندار اور جوشیلا پہلوان
بیٹھا ہوا نظر آرہا ہے"
(ہجیر کو معلوم تھا کہ یہ رستم کا خیمہ گاہ ہے لیکن اس خیال سے کہ
کہیں سہراب اچانک اسپر حملہ کر کے رستم کو مار نہ ڈالے وہ بات کو ٹال
گیا اور کہنے لگا)
"یہ خیمہ ایک چینی سردار کا ہے جو کاؤس کی امداد کے لیے شاہ
چین کی فوج لے کر آیا ہے"
"اس چینی سردار کا نام کیا ہے"
"مجھے اس کا نام معلوم نہیں ہے"
سہراب نے دوبارہ اس کا نام پوچھا جس کے جواب میں ہجیر
نے کہا۔
"چونکہ عرصہ سے میں اپنے قلعہ سے باہر نہیں گیا ہوں۔ اسلئے
مجھے پتہ نہیں کہ اس سردار کا نام کیا ہے"

سہراب نے مایوسانہ انداز میں پھر ادھر ادھر کے خیمہ گاہوں کے متعلق سوالات کرنا شروع کئے معلوم ہوا کہ کوئی گودرز کے لڑکے گیو کا خیمہ ہے اور کوئی فرابرز کا۔ سہراب نے ایک مرتبہ پھر سبز خیمہ کیطرف اشارہ کرتے ہوئے چینی سردار کا نام دریافت کرنے کی کوشش کی لیکن ہجیر نے وہی مایوس کن جواب دیا۔ آخر سہراب نے دریافت کیا کہ "اچھا رستم کا خیمہ کس طرف ہے" ہجیر نے بتایا کہ "غالباً وہ سیر و تفریح کرنے کے سلسلہ میں زابلستان گیا ہوا ہے اور ابھی واپس نہیں آیا ہے" سہراب نے اسپر سخت تعجب کا اظہار کیا اور کہا کہ ایسی زبردست جنگ میں رستم کا نہ ہونا بالکل خلاف قیاس اور سخت مضحکہ انگیز بات ہے۔ باوجود ہجیر کے اطمینان دلانے کے اس کو اعتبار نہ آتا تھا اور اس کا دل کسی طرح ماننے کو تیار نہ ہوتا تھا۔ ایک مرتبہ پھر اس نے ہجیر کو کچھ ڈرایا دھمکایا اور کچھ آزادی اور جان بخشی کا سبز باغ دکھایا لیکن ہجیر نے رستم کا خیمہ بتا کر نہ دیا۔ کچھ قدرتی کشش کی بنا پر سہراب کے سبز خیمہ کی طرف بار بار اشارہ کرنے پر ہجیر نے رستم کی بے حد تعریف کرتے ہوئے یہی جواب دیا کہ یقیناً رستم کا خیمہ کچھ اسی شان و شوکت کا ہوگا لیکن یہ اس کا خیمہ نہیں ہے۔ سہراب نے ہجیر سے کہا "تم میرے سامنے اس انداز میں رستم کی تعریف کیوں کر رہے ہو۔ تم نے بہادروں کو جنگ کرتے دیکھا ہی کب ہے" ان سب باتوں سے ہجیر اپنے خیال میں اور بھی پختہ ہو گیا کہ اگر اس نے رستم کا خیمہ بتا یا تو

یقیناً یکایک اسپر حملہ کردے گا اور ایرانیوں کو سنبھلنا مشکل ہوجائیگا
سہراب سخت برجھار ہا تھا اس نے ہجیر سے غصہ میں سرخ ہو کر کہا۔
"اگر تبانا ہے تو مجھے رستم کا خیمہ گاہ بتادے - ورنہ آج تیری خیر
نہیں ہے" ہجیر نے کاؤس اور رستم کو موت سے بچانے کے لئے
اپنی جان کی بازی لگادی اور جواب دیا "اسوقت میں تمہارے
بس میں ہوں اور میری زندگی تمہارے ہاتھ میں ہے پھر کسی بہانہ
کے تلاش کی کیا ضرورت ہے"

جب کوئی ترکیب کارگر نہ ہوئی اور کسی طرح رستم کا پتہ نہ چلا
تو سہراب سخت ناامید ہو کر قلعہ کی دیوار سے اتر آیا۔ اور اسلحہ جنگ
لگا کر جنگ کی تیاری کرنے لگا۔ سب سے پہلے اس نے قلب لشکر
پر حملہ کرنے کا قصد کیا۔ کیونکہ کاؤس کا فرودگاہ وہی تھا۔ وہ دڑاتا
ہوا اور شیروں کی طرح دہاڑتا ہوا قلب لشکر میں پہونچا اور کاؤس
کو مخاطب کرکے کہنے لگا۔

"میں نے قسم کھائی ہے کہ زندہ رزم کے خون کا بدلہ لے کر
چھوڑوں گا۔ اگر تجھے ذرا بھی اپنی عزت و آبرو کا خیال ہے تو خود
مقابلہ پر آجا یا اپنے سرداروں میں سے کسی کو مقابلہ کے لیے بھیجدے"
سہراب کوہ البرز کی طرح میدان جنگ میں کھڑا مبارز طلب تھا۔
لیکن کسی پہلوان کی ہمت نہیں پڑتی تھی کہ اس کے مقابلہ پر
آجائے۔ تھوڑا انتظار کرنے کے بعد سہراب نے پھر للکار کر اس
طرح

کہ "کاؤس کو بخشا نہیں جا سکتا"، اور جھپٹ کر اسگلے خیمہ پر ایسا حملہ کیا کہ ستر میخیں اکھڑ گئیں ہر طرف ہلچل مچ گئی۔ کاؤس نے گھبرا کر طوس کو رستم کے پاس بھیجا اور صورت حال سے مطلع کیا۔ رستم جلدی جلدی ہتھیار لگا کر میدان میں آنے کی تیاری کرنے لگا۔ سہراب کا خیال کر کے وہ برابر سوچتا جا رہا تھا کہ یقیناً یہ کوئی دیوزاد ہے۔ ورنہ ساری ایرانی فوج اس طرح ڈر کر جان نہ چراتی۔ آخر خیمہ سے نکلکر وہ میدان جنگ کیطرف چلا اور مقابلہ پر آ کھڑا ہوا۔ سہراب نے رستم کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر لڑنا ہے تو ذرا دوسرے لوگوں سے الگ آ کر جنگ کرے۔ رستم تیار ہو گیا۔ جب دونوں اپنے اپنے لشکریوں سے الگ ہو کر آمنے سامنے ہوئے تو سہراب نے فخریہ کہا۔

"کوئی انسان میرا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ پھر بھلا تو میرے سامنے کیا ٹھہر سکے گا"

